Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل، 3 نومبر 2026ء ، 22 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 190

سالک حسین جس تھالی میں کھا رہے ہیں اسی میں چھید نہ کریں، عظمیٰ بخاری

پنجاب میں قبضہ مافیا اور رسہ گیروں کا رستہ اب بند ہوگیا ہے، پنجاب میں پسند ناپسند، سفارش اور سیاسی وابستگی کی بنیاد پر فیصلوں کا کلچر ختم کر دیا ہے

مریم نواز نے پنجاب کے بجٹ کو شفاف اور منصفانہ طریقے سے چھوٹے شہروں تک منتقل کیا ہے، اپنی مرضی کا ایک ڈی سی نہ لگنے پر اتنا غصہ جائز نہیں، عظمیٰ بخاری کا سالک حسین کے بیان پر ردعمل



چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی اسلام آباد میں پاکستان 6ویں واٹر ویک 2026 کے افتتاحی اجلاس سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے سالک حسین کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی مرضی کا ایک ڈپٹی کمشنر تعینات نہ ہونے پر اتنا غصہ مناسب نہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کسی کے کہنے پر ڈپٹی کمشنر تعینات نہیں کرتیں بلکہ میرٹ اور حکومتی پالیسی کے مطابق فیصلے کرتی ہیں۔ مریم نواز نے پنجاب میں پسند ناپسند اور سفارش کی بنیاد پر فیصلوں کا کلچر ہمیشہ کے لیے (بقیہ نمبر 1)

اے ڈی سی جنرل کامران صغیر کا مختلف سیاحتی مقامات کا دورہ

تزئین و آرائش کے تمام کام مقررہ اہداف کے مطابق جلد از جلد مکمل کیے جائیں

مری (نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کامران صغیر نے مری کے مختلف اہم سیاحتی مقامات کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہارٹیکلچر ایجنسی مری کی جانب سے جاری ترقیاتی کاموں اور تزئین و آرائش کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے جھیکا گلی، کشمیر پوائنٹ، ویو پوائنٹ، دیوفورتھ اور باڑیاں سمیت مختلف مقامات کا دورہ کیا اور وہاں جاری کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے ترقیاتی (بقیہ نمبر 2)

سود کی ادائیگی کیلئے ماں کا 4 بچوں کو فروخت کرنے کا اعلان

شوہر کو بھی مبینہ طور پر پولیس کے ذریعے لاپتا کروایا گیا ہے، شمشاد بی بی پریس کلب پہنچ گئیں

نواب شاہ (اے ایف پی) نواب شاہ کی تحصیل مبینہ سود خوری سے پریشان خاتون نے قرض کی رقم ادا کرنے کے لئے اپنے چار بچوں کو فروخت کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیل کے مطابق شمشاد بی بی پریس کلب پہنچ (بقیہ نمبر 46)

نورین نیازی سے بیٹیوں کی ملاقات کرانے کا حکم

دونوں بیٹیوں کی والدہ سے (آج) ایک گھنٹے کی ملاقات کرائی جائے، عدالت

لاہور این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نورین نیازی سے 2 بیٹیوں کی آج بروز منگل کو جیل میں صبح 10 بجے ملاقات کرانے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے سکینہ اور شاہ ریز کی درخواست پر (بقیہ نمبر 45)

لاہور ہائیکورٹ کا ڈیلی ویجز ملازمین کے حق میں بڑا فیصلہ

پنجاب کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز کے اہل ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل نہ کرنے سے متعلق پنجاب حکومت کا فیصلہ غیر قانونی، کالعدم قرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ڈیلی ویجز ملازمین کے حق میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے اہل ملازمین کو مستقل ورکرز کا قانونی درجہ دیدیا جبکہ پنجاب کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز میں کام کرنے والے اہل ڈیلی ویجز، (بقیہ نمبر 44)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے شی تھریڈ پروگرام کے ذریعے 1150 دیہی خواتین برسر روزگار ہو جائیں گی

دیہی خواتین کے روزگار کیلئے منصوبہ

جون تک 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر کر دیا۔ پروگرام کے تحت گاؤں کی خواتین کو ٹیکسٹائل ٹریننگ کے ساتھ ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا

شی تھریڈ پروگرام کے تحت لاہور میں دیہی علاقوں کی خواتین کی رجسٹریشن شروع کر دی گئی۔ پروگرام میں دیہی خواتین کو انڈسٹریل سلائی مشین آپریٹر اپیرل سپروائزر ٹریننگ دی جائے گی

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دیہی خواتین کے لئے ٹیکسٹائل ٹریننگ کا بے مثال پروگرام شی تھریڈ منصوبہ تیار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کے شی تھریڈ پروگرام کے ذریعے 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ کر کے برسر روزگار ہو جائیں گی۔ مریم نواز نے جون تک 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر کر دیا۔ پروگرام کے تحت گاؤں کی خواتین کو ٹیکسٹائل ٹریننگ کے ساتھ ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا جبکہ شی تھریڈ ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام شی تھریڈ پروگرام کے تحت لاہور میں دیہی علاقوں کی خواتین کی رجسٹریشن شروع کر دی (بقیہ نمبر 53)

23 ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز کل سے مصحف اسکواش کمپلیکس میں ہوگا

پاکستان اسکواش فیڈریشن کے زیر اہتمام میگا ایونٹ میں ایشیا کی صفِ اول کی مرد و خواتین ٹیمیں، 36 غیر ملکی کھلاڑی اور آفیشلز شریک

سربراہ پاک فضائیہ کی سرپرستی میں اسکواش کی ملکی روایات کی بحالی اور عالمی مقام کے حصول کے لیے جامع اقدامات جاری، ایونٹ کا فائنل 7 نومبر کو ہوگا

اسلام آباد (این ای این) 23 ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز 3 نومبر 2026 کو مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں پاکستان اسکواش فیڈریشن کے زیر اہتمام ہوگا۔ اس باوقار ایونٹ میں ایشیا کے صفِ اول کے کھلاڑی مردوں اور خواتین کے ٹیم مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔ چیمپئن شپ میں مردوں کی چھ ٹیمیں شرکت کریں گی، جن میں مجموعی (بقیہ نمبر 8)



نائب وزیراعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، اسلام آباد میں سی پی سی (CPC) کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی شعبے (IDCP) کے وزیر جناب لیو ہائیکزنگ کے ساتھ دوطرفہ ملاقات کر رہے ہیں۔



چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے جرمن کی کیڈنٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے وزیر لیو ہائی سنگ ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب کے 13 اضلاع میں انسداد پولیو مہم کا آغاز

لاہور (اے ایف پی) پنجاب کے 13 اضلاع میں نومبر کی انسداد پولیو مہم کا آغاز ہو گیا جس کے دوران 93 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے (بقیہ نمبر 48)

بدنیتی پر مبنی نظر ثانی درخواستوں کی حوصلہ شکنی کی جائے گی

وفاقی آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں ، سے صرف رہنمائی لے سکتی ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ وہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں بلکہ ان سے صرف رہنمائی لے سکتی ہے۔ سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اسی صورت اختیار کی جاسکتی ہے جب وہ آئین اور قانون سے مطابقت رکھتی ہو۔ (بقیہ نمبر 47)

موجودہ ملکی اور عالمی حالات میں ہر شہری کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان

چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام وقت کی ضرورت ہے

آبادی کے اضافے نے نئے انتظامی فیصلوں کو ضروری بنا دیا، ہزارہ، کراچی، حیدرآباد اور جنوبی پنجاب پر سیاسی مفاہمت خوش آئند ہے

موٹروے ایم-4 کی توسیع کا وعدہ پورا کر دیا، کمال پور انٹرچینج پر توسیعی کاموں کا جائزہ، فیصل آباد چیمبر آف کامرس اور چوہدری ظہیر الدین کے استقبالیے میں شرکت

اسلام آباد (اے پی پی) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ موجودہ ملکی اور عالمی حالات میں ہر شہری کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، نئے صوبوں کے قیام کے لیے رائے عامہ کا ہموار ہونا اور سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا ہونا خوش آئند امر ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے انتظامی یونٹس عام آدمی کے مسائل کے حل، بہتر طرز حکمرانی (بقیہ نمبر 3)

قلعہ عبداللہ، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق

کوئٹہ (اے ایف پی) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے جب کہ مسلح افراد 2 لوگوں کو اغوا کر کے لے گئے۔ لواحقین نے لاشیں سڑک پر رکھ کر احتجاج (بقیہ نمبر 50)

منشیات کے سنگین مقدمے میں ملزم باعزت بری

فیضان ظفر اعوان اور راجہ یاسر علی خان کے مؤثر، مدلل اور ٹھوس قانونی دلائل

گوجر خان (قمر شہزاد) مقدمہ نمبر 440/25، جرم دفعہ C-9 میں 2160 گرام منشیات برآمدگی کے الزام میں نامزد ملزم کو معزز عدالت نے باعزت بری کر دیا۔ وکلائے صفائی فیضان ظفر اعوان ایڈووکیٹ اور راجہ یاسر علی خان ایڈووکیٹ نے عدالت میں مؤثر اور مدلل دلائل پیش کیے۔ وکلاء نے دوران سماعت استغاثہ کے گواہان کے بیانات میں موجود تضادات اور قانونی نقائص کی نشاندہی کی۔ انہوں نے ٹھوس قانونی نکات کے ذریعے (بقیہ نمبر 49)

ماڈل ویلیجز کے قیام اور صاف پانی کے منصوبوں کی نگرانی ضلعی انتظامیہ کے سپرد

ہر تحصیل کے لیے 5 کروڑ کے ترقیاتی فنڈز جاری، باصلاحیت اور اچھے کردار کے حامل افراد پر مشتمل ویلیج کمیٹیاں تشکیل دینے کی ہدایت

پنجاب صاف پانی پروگرام کے تحت 5 تحصیلوں میں 252 نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب کا فیصلہ، آپریشن اور دیکھ بھال اسسٹنٹ کمشنرز کے سپرد

راولپنڈی (این ای این)۔ ماڈل ویلیجز کے قیام اور صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں کی نگرانی اب براہ راست ضلعی انتظامیہ کرے گی، ہر تحصیل کو ابتدائی طور پر پانچ کروڑ روپے کے ترقیاتی فنڈز فراہم کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں ماڈل ویلیجز کے قیام کی فراہمی کے منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل (بقیہ نمبر 4)

ٹریکٹر ٹرالی نے موٹر سائیکل کو کچل دیا، اسکول جاتے 2 بچے جاں بحق

کوٹ رادھا کشن (اے ایف پی) کوٹ رادھا کشن میں اسکول جاتے ہوئے 2 بچے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ کوٹ رادھا کشن کے بھمب خورد بائی پاس پر پیش آیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا ہے کہ 10 سالہ حسین عبد اللہ (بقیہ نمبر 51)

کندھ کوٹ، ایک ہی رات دو گھروں میں چوری کی واردات

پولیس تاحال چوری شدہ نقد رقم اور قیمتی موبائل فون برآمد نہیں کر سکی

کندھ کوٹ (نمائندہ خصوصی) سی سیکشن تھانے کی حدود میں نامعلوم چوروں نے ایک ہی رات ایک ہی محلے کے دو گھروں کو نشانہ بنایا اور نقد رقم سمیت قیمتی موبائل فون چوری کر کے فرار ہو گئے۔ متاثرین خاندانوں کا کہنا ہے کہ وہ سابق ایس ایچ او ضیغم جا گیرانی کے پاس انصاف کے لیے بار بار چکر لگا کر تھک چکے ہیں، جبکہ نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او علی نواز سبزوئی سے بھی تاحال کوئی مؤثر جواب نہیں مل سکا۔ متاثرین نے ایس ایس پی کشمور سے مطالبہ (بقیہ نمبر 5)



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شوہر نے گھریلو جھگڑے کے دوران بیوی پر تیزاب پھینک دیا

کراچی (اے ایف پی) کراچی کے علاقے ابراہیم حیدری میں شوہر نے مبینہ طور پر گھریلو جھگڑے کے دوران تیزاب پھینک کر بیوی کو زخمی کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق ابراہیم حیدری میں شوہر کی جانب سے بیوی پر تیزاب پھینکنے کا واقعہ کم عمری کی شادی کا معاملہ بھی نکلا جہاں شوہر ذیشان نے 14 سالہ بیوی نسیما پر (بقیہ نمبر 52)



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 122 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2026ء کے تمام انتظامات مکمل

امتحانات 3 0 نومبر سے شروع ہونگے ، تمام اُمیدواروں کی رول نمبر سلپس جاری، پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی

تمام موبائل انسپکٹرز، ڈسٹرکٹ ویجی لینس کمیٹیاں اور انسپکشن ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہوں گی، کنٹرولر امتحانات مبشر سعید

راولپنڈی (این ای این) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2026ء بروز منگل 03 نومبر سے شروع ہو رہا ہے۔ امتحانات کے انعقاد کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں جبکہ امتحان میں شامل ہونے والے تمام اُمیدواروں کی رول نمبر سلپس جاری کر دی گئی ہیں اور تمام امتحانی مراکز میں ضروری عملہ تعینات کر دیا گیا ہے ۔ (بقیہ نمبر 6)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد، خیبر پختونخوا کی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے مالالا فنڈ اور SET کے اشتراک سے اہم پیش رفت

لڑکیوں کیلئے ہنرمندی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی تیاری

کے پی (KP) میں لڑکیوں کیلئے شفاف، صنفی مساوات پر مبنی ہنرمندی اور معاشی خودمختاری کے پائیدار مواقع فراہم کرنے پر اتفاق

پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر سونیا سلیم اور دیگر ماہرین کا کے پی ٹیوٹا کے نظام میں اصلاحات، ضلعی سطح پر اسکل میپنگ اور بین الاقوامی سرٹیفکیشنز پر زور

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) خیبر پختونخوا میں لڑکیوں اور نوجوان خواتین کے لیے ہنرمندی، روزگار اور معاشی خودمختاری کے پائیدار مواقع پیدا کرنے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اس سلسلے میں مالالا فنڈ آفس اسلام آباد میں شفاف اور صنفی مساوات پر مبنی ہنرمندی کے نظام کے فروغ کے منصوبے کے تحت ایکسپرٹ ورکنگ گروپ کا پہلا اجلاس منعقد ہوا، جس میں حکومتی، تعلیمی، صنعتی، سماجی اور ترقیاتی شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین نے شرکت کی۔ سوشیو انجینئرنگ ٹیکنالوجیز (SET) کی جانب سے مالالا فنڈ کے اشتراک سے نافذ کیے جانے والے اس منصوبے کا مقصد خیبر پختونخوا میں لڑکیوں اور نوجوان (بقیہ نمبر 7)



مالالا فنڈ آفس اسلام آباد میں شفاف اور صنفی مساوات پر مبنی ہنرمندی کے نظام کے فروغ کے منصوبے کے تحت ایکسپرٹ ورکنگ گروپ کا پہلا اجلاس

مریم نواز کی قیادت میں خواتین کی حفاظت اہم ترجیح ہے

حنا بٹ کی کراچی کو لڑکیوں کیلئے جیل قرار دینے پر حنا الطاف کو لاہور آنے کی دعوت

لاہور (اے ایف پی) چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے کراچی کو لڑکیوں کیلئے جیل قرار دینے پر پاکستانی اداکارہ حنا الطاف کو لاہور آنے کی دعوت دے دی۔ حنا الطاف نے چند روز قبل لندن کی سڑکوں پر واک کرتے ہوئے ایک ویڈیو ریکارڈ کی تھی، جس میں اداکارہ کا کہنا ہے کہ کراچی کی فلائٹ سے پہلے سوچا لندن میں (بقیہ نمبر 54)

لاہور کی فضا انتہائی خطرناک حد تک آلودہ قرار

ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کر گیا، آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست

لاہور (اے ایف پی) لاہور میں فضائی آلودگی خطرناک حد تک بڑھنے لگی، شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) 500 سے تجاوز کر گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں سرفہرست آ گیا۔ فضائی آلودگی (بقیہ نمبر 55)



سیول، جنوبی کوریا میں، چیف جسٹس آف پاکستان کی کوریا کی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس، مسٹر جسٹس جوہی-ڈی (JO Hee-de) کے ساتھ ملاقات

ٹیکس ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے خارج

انفرادی ٹیکس دہندگان کو لسٹ میں واپسی کیلئے 25 ہزار روپے سرچارج دینا ہوگا

اسلام آباد (اے ایف پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سال 2026 کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ اپ ڈیٹ کر دی۔ 31 اکتوبر تک ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام لسٹ سے خارج کر دیئے گئے۔ ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ ٹیکس (بقیہ نمبر 56)

شہری ڈرائیونگ لائسنس گھر کی دہلیز پر حاصل کر سکیں گے

جدید پولیسنگ کے فروغ کیلئے مزید اقدامات اٹھائے جائیں گے، آئی جی اسلام آباد

اسلام آباد (اے ایف پی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی ہدایات پر ٹریفک پولیس نے ڈرائیونگ لائسنس کی گھر کی دہلیز پر فراہمی کا آغاز کیا ہے جو جدید سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اور اہم قدم ہے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے (بقیہ نمبر 57)

نقاب نور ''75 اہلِ قلم کی تخلیقات سے مزین ایک منفرد ادبی کاوش

نئے لکھنے والوں کیلئے امید کا روشن چراغ، عائشہ گل اور مہوش اختر کی شبانہ روز محنت سے ادبی دنیا میں ایک خوب صورت اضافہ

''نقاب نور'' کی اشاعت نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی اور اردو ادب میں نئی آوازوں کی ترویج کے لیے اہم قدم ہے، ادبی حلقے

بھکر (ظفر اعوان) عائشہ گل اور مہوش اختر کی شبانہ روز محنت سے ادبی دنیا میں ایک خوب صورت اضافہ۔ مختلف شہروں اور ممالک سے تعلق رکھنے والے 75 قلم کاروں کی تحریریں ایک ہی کتاب میں یکجا۔ کتابیں محض کاغذ کے صفحات کا مجموعہ نہیں ہوتیں، بلکہ ان میں لکھنے والوں کے خواب، احساسات، مشاہدات، تجربات اور برسوں کی فکری و تخلیقی محنت محفوظ ہوتی ہے ۔ بعض کتابیں اپنے (بقیہ نمبر 10)

ملزمان گھر سے 30 تولہ سونا اور ہزاروں ڈالر لے اڑے

کراچی (اے ایف پی) کراچی میں ایم نائن پر نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں چوری کی واردات، ملزمان گھر سے 30 تولہ سونا اور ہزاروں ڈالر چوری کر کے فرار ہو گئے۔ کراچی پولیس کے مطابق ایم نائن گڈاپ سٹی میں نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے اسٹریٹ (بقیہ نمبر 59)

بانی سے ملاقات کی ہر طریقے سے کوشش کی

بیرسٹر سیف کے دعوے جھوٹے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر

پشاور (اے ایف پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بیرسٹر سیف کے دعووں کو مسترد کر دیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے ہر ممکن کوشش کرتے رہے ہیں، بیرسٹر سیف کا یہ کہنا بے بنیاد ہے کہ آفر کے باجود بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کی، بیرسٹر سیف کے تمام دعوؤں کو بھی مسترد کرتا ہوں، ان کے تمام دعوے جھوٹے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی (بقیہ نمبر 58)

جنت گل خان کی جانب سے میاں سبحان یامین کے اعزاز میں پروقار عشائیہ

وزیراعلیٰ کی قیادت میں پنجاب کی ترقی و خوشحالی کا سفر جاری ہے، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر تیمور علی خان بلوچ اور دیگر کا تقریب سے خطاب

تقریب میں ایم ڈی ٹی ایم ٹی گروپ حیدر منظور تارڑ، ملک نصر اللہ جوئیہ اور سیاسی و سماجی شخصیات کی بڑی تعداد میں شرکت

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈویژنل جوائنٹ سیکرٹری مسلم لیگ (ن) سرگودھا ڈویژن جنت گل خان کی جانب سے میاں سبحان یامین کو آرڈیننس ٹو معاونِ خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب (برائے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم) کے اعزاز میں ایک پروقار استقبالیہ اور پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا تقریب میں صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے فنانس بیرسٹر تیمور علی خان بلوچ اور ضلعی نائب صدر مسلم لیگ (ن) الحاج ملک محمد نصر اللہ جوئیہ نے بطور مہمانانِ خصوصی شرکت کی اس موقع پر ایم ڈی ٹی ایم (بقیہ نمبر 11)



ڈویژنل جوائنٹ سیکرٹری مسلم لیگ (ن) سرگودھا ڈویژن جنت گل خان کی جانب سے میاں سبحان یامین کو آرڈیننس ٹو معاونِ خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب کے اعزاز میں عشائیہ

ABC Certified | MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر/چیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایچ آئی وی کا پھیلاؤ

وفاقی وزارتِ صحت کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کیے گئے اعدادوشمار کے مطابق جنوری 2025ء سے جون 2026ء تک ملک بھر میں 3900 بچے ایچ آئی وی پازیٹو رجسٹر ہوئے۔ان میں سب سے زیادہ 1915 کیسز سندھ جبکہ 1765 پنجاب میں رپورٹ ہوئے ہیں۔بچوں میں بڑے پیمانے پر ایڈز کا پھیلاؤ انتہائی تشویشناک ہے۔بچوں میں انفیکشن کی ممکنہ وجوہات میں آلودہ طبی آلات' استعمال شدہ سرنجوں کا دوبارہ استعمال اور غیر محفوظ خون کی منتقلی شامل ہیں۔2019ء میں لاڑکانہ میں رپورٹ ہونیوالے 876 ایڈز کیسوں میں 401 متاثرہ بچوں پر ہونیوالی سائنسی تحقیق میں غیر محفوظ انجکشن اور طبی طریقوں کو انفیکشن کے ممکنہ ذرائع قرار دیا گیا تھا۔

گزشتہ برس کراچی کے ایک ہسپتال میں بھی طبی غفلت کے باعث تقریباً 80 بچے ایڈز میں مبتلا ہو چکے ہیں۔حکومت اور محکمہ صحت کو چاہیے کہ تمام سرکاری و نجی ہسپتالوں' کلینکس اور زچگی مراکز میں انفیکشن کنٹرول کے ضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔ ہر مریض کیلئے نئ' جراثیم سے پاک سرنج اور سوئی کے استعمال کی پابندی پر بہرصورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔آخر کب تک معصوم بچے طبی غفلت اور انتظامی نااہلی کی قیمت اپنی زندگیوں سے ادا کرتے رہیں گے؟ بچوں کو محفوظ طبی سہولتیں فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

ٹیکس اہداف، نیا بینکنگ نظام اور معیشت

میاں عمران احمد

پاکستان کی معیشت کو اس وقت جن بڑے چیلنجز کا سامنا ہے ان میں ٹیکس وصولیوں میں اضافہ اور حکومتی آمدن کے ذرائع کو وسیع کرنا انتہائی اہم ہیں۔جولائی سے اکتوبر کے دوران ایف بی آر نے 4 ہزار 89 ارب روپے ٹیکس جمع کیا جبکہ اس مدت کا ہدف چار ہزار 185 ارب روپے تھا؛ یعنی چار ماہ میں 96 ارب روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ابتدائی اعداد وشمار میں یہ کمی 124 ارب روپے تھی لیکن اکتوبر کے آخری روز ٹیکس گوشواروں کے ساتھ موصول ہونے والی ادائیگیوں اور دیگر وصولیوں کے بعد مجموعی شارٹ فال کم ہو کر 96 ارب روپے رہ گیا۔گزشتہ سال اسی عرصے میں 3 ہزار 840 ارب روپے جمع کیے گئے تھے۔اس لحاظ سے رواں سال ٹیکس وصولیوں میں تقریباً 6.5 فیصد اضافہ ہوا لیکن مسئلہ یہ ہے کہ سالانہ ہدف حاصل کرنے کیلئے تقریباً 17.4 فیصد اضافے کی ضرورت ہے۔یعنی ٹیکس وصولیوں میں اضافہ ضرور ہوا لیکن مطلوبہ رفتار ہدف سے خاصی کم ہے۔اکتوبر میں تقریباً 1003 ارب روپے ٹیکس جمع ہوا جبکہ اس ماہ کا ہدف 1132 ارب روپے تھا۔یوں اکتوبر میں 129 ارب روپے کا شارٹ فال رہا۔اگرچہ گزشتہ سال اکتوبر کے مقابلے میں وصولیوں میں تقریباً پانچ فیصد اضافہ ہوا لیکن یہ اضافہ مقررہ ہدف پورا کرنے کیلئے کافی نہیں ہے۔ان حالات میں ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والے افراد اور کمپنیوں نے ایکسٹینشن فائل کی ہے اور ایف بی آر اکثریت کو ایکسٹینشن دینے سے گریزاں ہے۔سوال یہ ہے کہ اگر سالانہ ٹیکس ریٹرنز فائل کرنے والے مہینے میں ہی ٹیکس اہداف حاصل نہیں ہو رہے تو بقیہ مہینوں میں بہتری کی توقع کس طرح کی جاسکتی ہے۔

پاکستان اور خلیجی (جی سی سی) ممالک میں تجارتی تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے آزاد تجارتی معاہدے کی کوششیں تیز ہوتی دکھائی دے رہی ہیں۔سعودی عرب کے نئے سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی الجمی اور وفاقی وزیر تجارت کے درمیان ملاقات میں اس معاہدے پر جلد پیشرفت اور دو طرفہ تجارت بڑھانے کے حوالے سے بات چیت سے تجارت کے نئے دروازے کھلنے کی امید ہے۔پاکستان اور خلیجی ممالک کے درمیان تجارت کا جائزہ لیا جائے تو مالی سال 25-2024ء کے اعدادوشمار کے مطابق اس مالی سال میں مشرق وسطیٰ سے درآمدات تقریباً 17 ارب ڈالر اور برآمدات تین ارب 10 کروڑ ڈالر رہیں جس کے مطابق تجارتی خسارہ تقریباً 13 ارب 97 کروڑ ڈالر سے زائد تھا۔ مالی سال 25-2024ء میں مشرق وسطیٰ کو پاکستانی برآمدات میں 1.52 فیصد کمی ہوئی' جو مالی سال 24-2023ء میں تین ارب 15 کروڑ ڈالر تھیں۔اس کے برعکس درآمدات 5.64 فیصد اضافے سے 17 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں۔ پاکستان اور جی سی سی ممالک کے درمیان تجارتی معاہدے کی کوششیں نئی نہیں ہیں۔اگست 2004ء میں اقتصادی تعاون کا فریم ورک معاہدہ طے پایا تھا جس کے تحت آزاد تجارتی معاہدے کی راہ ہموار کی گئی۔2006ء اور 2008ء میں مذاکرات کے ابتدائی ادوار ہوئے تاہم 2009ء میں یہ عمل تعطل کا شکار ہوگیا۔جنوری 2021ء میں دوبارہ مذاکرات کی کوششیں ہوئیں اور 2022ء اور 2023ء میں مذاکرات کے مزید ادوار ہوئے اور ستمبر 2023ء میں ریاض میں آخری مذاکراتی دور ہوا۔اب حکومت پاکستان اس معاہدے پر جلد دستخط کرنے کی خواہشمند ہے۔پاکستان چاول' گوشت' آم' کینو' کھجور' سبزیاں اور دیگر زرعی مصنوعات برآمد کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔اگر حکومت برآمد کنندگان کو طویل مدتی سپلائی معاہدوں' جدید کولڈ سٹوریج' بہتر پیکنگ' حلال سرٹیفکیشن اور بین الاقوامی معیار کی سہولتیں فراہم کرے تو پاکستانی زرعی مصنوعات کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوسکتا ہے۔سعودی عرب کا وژن 2030ء بھی پاکستانی کاروباری اداروں کیلئے نئے مواقع پیدا کرسکتا ہے۔

اس وقت ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث گیس کا بحران سنگین ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔پاکستان کی ایل پی جی ضروریات کا بڑا حصہ درآمدات سے پورا ہوتا ہے اور اس پر بڑھتا درآمدی انحصار قومی توانائی سلامتی کے لیے بڑا چیلنج بنتا دکھائی دے رہا ہے۔مالی سال 25-2024ء میں 17 لاکھ 36 ہزار ٹن سے زائد ایل پی جی درآمد کی گئی جس پر تقریباً 294 ارب 60 کروڑ روپے خرچ ہوئے۔ جون 2026ء کے ایک سروے کے مطابق ملک کی سالانہ طلب تقریباً 28 لاکھ ٹن تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔اس وقت عالمی سطح پر بھی خطرات بڑھتے دکھائی دے رہے ہیں۔ 2025ء میں دنیا کی ایل پی جی کی تقریباً 30 فیصد سمندری برآمدات آبنائے ہرمز سے گزریں جبکہ مارچ 2026ء میں اس راستے سے ایل پی جی کی ترسیل تقریباً 80 فیصد کم ہوگئی۔مشرق وسطیٰ میں کشیدگی یا اہم بحری راستوں کی بندش پاکستان جیسے درآمدات پر انحصار کرنے والے ممالک کیلئے مشکلات مزید بڑھا سکتی ہے۔دوسرا بڑا مسئلہ حکومت کی مقرر کردہ قیمتوں اور مارکیٹ میں وصول کی جانے والی رقم میں نمایاں فرق کا ہے۔اوگرا نے نومبر 2026ء کے لیے ایل پی جی کی سرکاری قیمت تقریباً 294 روپے فی کلو مقرر کی ہے جو اکتوبر کے مقابلے میں 14 روپے 73 پیسے زیادہ ہے۔مگر بعض علاقوں میں یہ گیس 600 سے 700 روپے فی کلو تک فروخت کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔قیمتوں کے تعین کے ساتھ ساتھ مارکیٹ کی نگرانی بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ان حالات میں مجوزہ ایل پی جی پالیسی خاصی اہم ہے۔حکومتی سطح پر سرکاری اداروں کو درآمدات اور قیمتوں کے تعین میں زیادہ کردار دینے کی تجویز زیر غور ہے جس پر نجی مارکیٹنگ کمپنیوں نے تحفظات ظاہر کیے ہیں۔وزیراعظم کی جانب سے پالیسی کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی قائم کرنا ایک مثبت قدم ہے لیکن حقیقی ضرورت اس بات کی ہے کہ پالیسی میں شفافیت' مسابقت اور رسد کے تسلسل کو یقینی بنایا جائے۔سرکاری اداروں کی شمولیت اسی وقت فائدہ دے سکتی ہے جب ان کے پاس بروقت درآمدات' ذخیرہ کرنے اور تقسیم کرنے کی عملی صلاحیت موجود ہو۔

اس وقت پاکستان کے مالیاتی نظام میں ایک بڑی تبدیلی کی بنیاد رکھی جارہی ہے۔سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اوپن بینکنگ ریگولیشنز کا مسودہ عوامی مشاورت کیلئے جاری کرنا محض بینکاری کے طریقہ کار میں تبدیلی نہیں بلکہ ملک کے ڈیجیٹل مالیاتی نظام کو ایک نئے دور میں داخل کرنے کی کوشش ہے۔اوپن بینکنگ کا مطلب ہے کہ بینک صارف کے مالیاتی ڈیٹا پر مکمل اجارہ داری نہیں رکھے گا بلکہ صارف کی اجازت سے یہ معلومات دوسرے مجاز اداروں تک پہنچ سکیں گی۔اگر کسی شخص کے تین مختلف بینکوں میں اکاؤنٹس ہیں تو اوپن بینکنگ میں ایک ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے وہ اپنے تمام اکاؤنٹس کی مجموعی مالی صورتحال دیکھ سکتا ہے۔اسی طرح کوئی چھوٹا کاروباری شخص اپنے بینک اکاؤنٹ کی ٹرانزیکشن ہسٹری کی بنیاد پر کسی مالیاتی ادارے سے قرض حاصل کرنے کی درخواست دے سکتا ہے۔برطانیہ میں اوپن بینکنگ نے مالیاتی شعبے میں نئی خدمات کیلئے راستہ کھولا ہے۔برطانیہ کی فنانشل کنڈکٹ اتھارٹی کے مطابق 2025ء میں برطانیہ میں اوپن بینکنگ کے فعال صارفین کی تعداد 16 ملین سے تجاوز کرگئی اور اوپن بینکنگ ادائیگیوں میں ایک سال کے دوران 53 فیصد اضافہ ہوا۔برطانیہ میں اس نظام کے ذریعے صارفین اور چھوٹے کاروباروں کو اپنے بینک اکاؤنٹس کی معلومات مجاز تھرڈ پارٹی اداروں کے ساتھ شیئر کرنے اور متبادل ادائیگی کی سہولتیں استعمال کرنے کا موقع ملا۔پاکستان کے لیے یہ تجربہ اس لحاظ سے اہم ہوسکتا ہے کہ اوپن بینکنگ کے ذریعے بینکنگ مارکیٹ میں نئے کاروباری ماڈلز اور مسابقت کے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اس میں ڈیٹا سکیورٹی کو کس قدر یقینی بنایا جاتا ہے۔

گڈ گورننس اور غذائی تحفظ کا مستقبل

محمد عبداللہ حمید گل

گڈ گورننس کی تعریف یوں کی جاسکتی ہے کہ اس میں عوامی اعتماد' یکساں احتساب' بدعنوانی کی روک تھام' مؤثر عوامی خدمات' خطرات پر قابو پانے کیلئے بہترین انتظام' استحکام' بالخصوص عوام کی فلاح کیلئے مؤثر اقدامات' عدم مساوات اور سماجی انتشار و اضطراب میں کمی شامل ہیں۔کوئی بھی ملک مؤثر گورننس میکانزم کے بغیر نہ ترقی کرسکتا ہے اور نہ ہی آگے بڑھ سکتا ہے۔نہ ہی وہ اقوام عالم کے ساتھ مقابلہ کرنے کی سکت رکھتا ہے۔مادرِ وطن 79 برسوں سے گڈ گورننس کی ان تمام خصوصیات سے محروم ہے۔جمہوری نظام میں تعطل' احتساب کا فقدان' بدعنوانی اور قانون کی حکمرانی کی عدم دستیابی ملک میں بہترین حکمرانی کی راہ میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔لہٰذا راقم الحروف اپنے کالم کے ذریعے ایسے نکات کا تجزیہ پیش کرنے لگا ہے جو ایک بہترین نظام حکومت کی بنیادیں ہیں۔ایک مضبوط ریاست وہ ہوتی ہے جہاں قوانین کا اطلاق طاقتور اور کمزور دونوں پر یکساں ہو۔حکومتی فیصلے عوامی مفاد میں کیے جائیں اور ہر ادارہ اپنی کارکردگی کیلئے جواب دہ ہو۔دیانتدار قیادت' احتساب اور مؤثر حکومتی ڈھانچے کے ذریعے پاکستان اپنی حقیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے روشن مستقبل کی جانب بڑھ سکتا ہے۔ Honesty is the best policy ہی گڈ گورننس کا اہم اصول ہے۔یونین کونسل' ٹاؤن کمیٹی' ضلعی کونسل' میٹروپولیٹن کارپوریشن' صوبائی و وفاقی حکومت اس کا بنیادی ڈھانچہ ہیں۔بہترین حکومت دو اہم ماڈلز کے تحت کام کرتی ہے: حکمرانی اور خدمات کی فراہمی۔جبکہ مقامی بلدیاتی حکومتوں کے بغیر شہریوں کے بنیادی حقوق اور ضروریات کی آئینی ضمانتوں کو یقینی بنانا مشکل ہے۔ہماری حکمرانی کا ماڈل تین بڑے شعبوں پر مشتمل ہے' جن میں لیڈرشپ' Execution Pillar اور معاون عناصر شامل ہیں۔

گڈ گورننس کا تصور صرف انتظامی مسائل کا حل نہیں بلکہ آبادی کے بے ہنگم پھیلاؤ' زرعی اراضی پر غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کی یلغار' پانی کے بحران' موسمیاتی تبدیلی اور ناقص حکمرانی کی بدولت غذائی تحفظ کے حوالے سے قومی سلامتی کیلئے بھی سوال کھڑا ہوگیا ہے۔ملک عزیز 2021ء میں زرعی طور پر خود کفیل تھا مگر اب گلوبل ہنگر انڈیکس میں 122 ممالک میں سے 106 ویں نمبر پر آ چکا ہے۔تاریخ گواہ ہے کہ خوراک کی قلت نے بڑی بڑی ریاستوں کے استحکام کو متاثر کیا' معاشرتی بے چینی کو جنم دیا اور حکومتوں کو شدید عوامی دباؤ سے دوچار کیا۔آج جب دنیا جنگوں' موسمیاتی تبدیلیوں اور عالمی مہنگائی جیسے چیلنجز سے گزر رہی ہے' پاکستان کیلئے غذائی تحفظ کا معاملہ غیر معمولی اہمیت اختیار کر چکا ہے۔کیا وسیع ہاؤسنگ سوسائٹیاں کسی ملک کی حقیقی خوشحالی کا معیار بن سکتی ہیں؟ روس' یوکرین جنگ سمیت حالیہ عالمی واقعات' سپلائی چین سے متعلق بڑھتے ہوئے مسائل اور دنیا بھر میں غذائی تحفظ کی کمی کو دیکھتے ہوئے اب اس ممکنہ خطرے پر بھرپور توجہ دینا بہت ضروری ہے۔ماہرین مستقبل میں خوراک کی ممکنہ قلت سے بچاؤ کے طریقے تلاش کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔دراصل روس' یوکرین تنازع سے پہلے بھی عالمی معیشت کو متعدد انسانی تنازعات' موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات' قدرتی آفات' کووڈ 19 اور خوراک کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث مشکلات کا سامنا تھا۔یوکرین کو دنیا میں غذائی اجناس کی فراہمی کے ایک بڑے مرکز کے طور پر دیکھا جاتا تھا۔روس یوکرین جنگ نے غذائی تحفظ کے مسائل کو غیر معمولی حد تک بڑھا دیا ہے' جس سے قیمتوں میں اضافہ ہوگیا ہے۔مثال کے طور پر بحیرۂ اسود میں ترسیل کیلئے بحری جہازوں کے بیمے کے اخراجات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے' جس سے بنیادی غذائی اشیا کی قیمتیں مزید بڑھ رہی ہیں۔یورپ اور مشرق وسطیٰ کے وہ ممالک جو روس یا یوکرین سے غذائی اجناس درآمد کرتے تھے' اب انہیں اچانک کینیڈا یا آسٹریلیا جیسے ممالک سے خوراک خریدنا پڑ رہی ہے۔طویل فاصلے کی وجہ سے نقل و حمل کے اخراجات سمیت خوراک مزید مہنگی ہو گی۔اقوام متحدہ اور بین الاقوامی اداروں میں غذائی تحفظ کے مسائل سے نمٹنے کیلئے متعدد پروگراموں پر کام جاری ہے۔جیسا کہ زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا' منافع بخش اور ماحول دوست زرعی نظام کو فروغ دینا' خوراک کے ضیاع میں کمی اور مؤثر تقسیم کے نظام کو بہتر بنانا۔قارئین کی آگاہی کیلئے مذکورہ پس منظر بیان کیا گیا ہے۔

پاکستان میں غذائی تحفظ کے مسائل تیزی سے سنگین ہوتے جارہے ہیں لیکن اس مسئلے پر حکومت کی جانب سے کوئی سنجیدہ منصوبہ نظر نہیں آتا' نہ ہی اس مسئلے پر کوئی بات کرتا دکھائی دیتا ہے۔پاکستان کو جن مختلف چیلنجز کا سامنا ہے ان میں ایک بڑا چیلنج آبادی میں تیزی سے اضافے کو سنبھالنا اور زرعی زمینوں میں مسلسل کمی کو روکنا ہے۔شہری آبادی میں بے قابو اضافہ ایک عالمی رجحان ہے' خصوصاً ترقی پذیر ممالک میں' جہاں یہ مسئلہ مزید سنگین ہوتا جارہا ہے۔اسکی بنیادی وجہ یہ ہے کہ لوگ بہتر مواقع' تعلیم' ملازمتوں اور کاروبار کیلئے دیہی علاقوں سے شہروں کی طرف نقل مکانی کر رہے ہیں۔جتنی زیادہ آبادی ایک جگہ جمع ہوگی' خصوصاً ان غریب ممالک میں جہاں زمین کے وسائل محدود ہیں' اتنا ہی زیادہ دباؤ دستیاب وسائل پر پڑے گا۔

دنیا کی بدلتی ہوئی سیاسی' معاشی اور ماحولیاتی صورتحال نے یہ حقیقت واضح کر دی ہے کہ مستقبل کی بڑی جنگیں صرف سرحدوں' وسائل اور جغرافیائی حدود پر نہیں لڑی جائیں گی بلکہ خوراک اور پانی کا تحفظ بھی عالمی طاقتوں کے درمیان اہم ترین سٹرٹیجک ایشوز میں شامل ہو چکا ہے۔جس ریاست کے پاس اپنی آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت نہیں وہ نہ صرف عالمی منڈیوں کے اتار چڑھاؤ کی محتاج رہے گی بلکہ کسی بھی بین الاقوامی بحران کے دوران اسے شدید معاشی و سماجی دباؤ کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ہمارے ملک میں ایک جانب آبادی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے تو دوسری طرف زرعی رقبہ رہائشی منصوبوں کی نذر ہو رہا ہے' اور ناقص طرز حکمرانی اور غیر مؤثر منصوبہ بندی نے غیر یقینی مستقبل کے خطرات کو اور بڑھا دیا ہے۔ضروری قانون سازی کے ذریعے پھیلتی ہوئی رہائشی سکیموں کو محدود کیا جائے۔زرعی زمینوں کو رہائشی سکیموں میں تبدیل کرنے کے نتیجے میں زرعی اراضی سکڑ رہی ہے۔وقت کا تقاضا ہے کہ زرعی شعبے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔زراعت سے متعلقہ شعبوں کو بہتر بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجیز کا استعمال کیا جائے۔

سوال یہ ہے کہ کیا متعلقہ اداروں کے پاس زرعی رقبے کے تحفظ کا کوئی مؤثر منصوبہ ہے؟ کیا ہاؤسنگ سکیموں کی منظوری سے قبل زرخیز اراضی کا جائزہ نہیں لیا جاتا؟ زرعی زمین کا نقصان ملک کی معیشت اور مستقبل پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔سرکاری اداروں کی کارکردگی جانچنے کیلئے کلیدی کارکردگی کے اشارے (KPIs) اور قابلِ پیمائش اہداف مقرر کرنا ضروری ہے۔متعلقہ اداروں سے یہ پوچھا جائے کہ زرعی اراضی کے تحفظ' شہری آبادی کے بہترین انتظام' پانی کی دستیابی اور غذائی تحفظ کیلئے کیا کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔محض پالیسیوں کا اعلان کافی نہیں۔شہری آبادی کے بے قابو پھیلاؤ نے ترقی کے نام پر بڑے شہروں کو بڑے بحرانوں میں ڈال دیا ہے۔جیسا کہ لاہور' جو کبھی باغوں کا شہر کہلاتا تھا' اب توسیعی پراجیکٹس' بڑھتی ہوئی ٹرانسپورٹ' درختوں کی بے دریغ کٹائی اور موسمیاتی تبدیلی کے باعث اس کی ہر سانس "گراں بار" ہے۔کراچی "شہر نا پرساں" کا نوحہ بھی سب کے سامنے ہے۔پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹ رہا ہے جن کی ایک بڑی وجہ ترقی یافتہ ممالک کی جانب سے گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج ہے۔اگرچہ پاکستان اقوام متحدہ کی سطح پر یہ مسئلہ اٹھا رہا ہے' تاہم نتیجہ خیز اقدامات کے حصول کیلئے حکومت کو اس معاملے پر مزید توجہ اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہو گا۔پاکستان کو سیاسی استحکام' شفافیت' عوامی خدمات کی تیز رفتار فراہمی اور ریاستی اداروں میں جواب دہی کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے' جس کیلئے شفافیت اور احتساب کا ایک بہترین نظام تشکیل دینا ضروری ہے۔

فخر نے فائنل میں سنچری بنا کر سعید انور کا ریکارڈ برابر کردیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے اوپننگ بلے باز فخر زمان نے سہ ملکی ون ڈے سیریز کے فائنل میں سری لنکا کے خلاف شاندار سنچری اسکور کر کے پاکستان کے سابق کپتان اور لیجنڈ اوپننگ بلے باز سعید انور کا دیرینہ ریکارڈ برابر کردیا۔گزشتہ روز لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں فخر زمان نے 99 گیندوں پر 127 رنز کی شاندار اننگز کھیلی اور ون ڈے کی 12 ویں سنچری بنائی۔ان کی شاندار اننگز میں 11 چوکے اور 6 چھکے شامل تھے۔فخر زمان کی یہ شاندار سنچری کسی ون ڈے ٹورنامنٹ کے فائنل میں ان کی دوسری سنچری تھی۔اس سے قبل انہوں نے 2017ء میں لندن کے اوول کرکٹ گراؤنڈ میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں روایتی حریف بھارت کے خلاف یادگار سنچری اسکور کی تھی۔اس طرح فخر زمان نے سعید انور کا ریکارڈ برابر کردیا ہے' جنہوں نے ون ڈے ٹورنامنٹس کے فائنلز میں 2 سنچریاں اسکور کر رکھی تھیں۔

کپتان ویمن ٹیم فاطمہ ثنا کا بگ بیش لیگ میں شاندار ڈیبیو

سڈنی (این این آئی) پاکستان ویمن ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ میں شاندار ڈیبیو کیا ہے۔بگ بیش لیگ میں فاطمہ ثنا نے پرتھ اسکارچرز کی نمائندگی کرتے ہوئے میلبرن رینیگیڈز کے خلاف 4 اوورز میں 27 رنز دے کر دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔انہوں نے ٹی 20 میچ میں ایک میڈن اوور بھی کروایا ہے۔واضح رہے کہ فاطمہ ثنا بگ بیش لیگ کھیلنے والی دوسری پاکستانی کرکٹر ہیں۔فاطمہ ثنا رواں سال دی ہنڈریڈ اور کینیڈا سپر 60 ٹورنامنٹ کھیلنے والی بھی پہلی پاکستانی ویمن کرکٹر بن چکی ہیں۔میچ میں میلبرن نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 136 رنز بنائے، پرتھ نے مطلوبہ ہدف 13.3 اوورز میں 1 وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔بیتھ مونی نے 58 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، صوفی دیوائن 47 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں۔

بابر اعظم اپنی بیٹنگ تکنیک میں موجود خامیوں کو دور کریں، محمد یوسف کا مشورہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق بیٹر محمد یوسف نے قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بیٹر بابر اعظم کو مشورہ دیا ہے کہ وہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں واپسی سے قبل اپنی بیٹنگ تکنیک میں موجود خامیوں کو دور کریں اور انگلینڈ یا آسٹریلیا میں کسی خصوصی کرکٹ اکیڈمی سے تربیت حاصل کریں۔محمد یوسف نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر ایک پوسٹ میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ بابر اعظم کو تکنیکی مسائل حل کیے بغیر فرسٹ کلاس کرکٹ نہیں کھیلنی چاہیے کیونکہ ڈومیسٹک کرکٹ میں مسلسل ناکامی ان کے اعتماد اور کیریئر کو مزید نقصان پہنچا سکتی ہے۔سابق کرکٹر نے لکھا کہ بابر اعظم کو انگلینڈ یا آسٹریلیا کی کسی اکیڈمی میں بھیجا جائے جہاں وہ ماہر کوچز کی رہنمائی میں اپنی بیٹنگ تکنیک بہتر بنا سکیں۔

Pir Mehr Ali Shah
Arid Agriculture University Rawalpindi
Murree Road Shamsabad Rawalpindi

TENDER NOTICE NO.004/P-2026-27

The prospective bidders having Income Tax, General Sales Tax, Provincial Sales Tax (if applicable) registered with relevant authority/department are invited to submit their bids on the basis of Single Stage (Two envelop procedure) for the Procurement of Food Processing Unit + Ion Analyser for Hydroponics under PSDP Funded Project ENCIB (in accordance with the bidding document) who are registered with PPRA Punjab e-Procurement System. All e-bids must be submitted through Punjab e-Procurement System under method by Uploading PDF File for the Establishment National Center of Industrial Biotechnology (ENCIB) PSDP Funded Project, PMAS-Arid Agriculture University Rawalpindi.

Date of closing and opening	19.11.2026	Closing Time	11:00 am
		Opening Time	11:30 am
		Bid Security	2% of the estimated price

As per PPRA Rule 25(7), "The bidder shall download the bidding documents from the website of the authority and participate in the procurement process without paying any cost or fee." The URL of the website of the PPRA is (https://ep.punjab.gov.pk) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA".

Project Director (ENCIB)

IPL-11569



امیتابھ بچن کے بنگلے پر حملے کی دھمکی، سکیورٹی مزید سخت

امیتابھ بچن نے مداحوں سے اپنی ہفتہ وار ملاقات کا سلسلہ منقطع نہیں کیا



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے معروف اداکار امیتابھ بچن کے بنگلے پر حملے کی دھمکی آمیز ای میل موصول ہونے کے بعد پولیس نے ان کی سکیورٹی مزید سخت کردی ہے۔گزشتہ روز امیتابھ بچن نے اپنے گھر جلسہ کے باہر اپنے ہزاروں مداحوں سے ملاقات کی روایت برقرار رکھی، تاہم اس بار سکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کے باعث وہ شفاف بلٹ پروف شیشے کے باکس کے اندر کھڑے ہو کر مداحوں کا ہاتھ ہلا کر استقبال کرتے نظر آئے۔83 سالہ اداکار کی مداحوں سے اتوار کے روز ملاقات کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر سامنے آئی ہیں، جن میں دیکھا جاسکتا ہے کہ امیتابھ بچن ایک بلٹ پروف شیشے کے باکس میں موجود ہیں۔اس موقع پر ان کے صاحبزادے اور اداکار ابھیشیک بچن بھی موجود تھے جبکہ متعدد سکیورٹی اہلکار اردگرد تعینات دکھائی دیے۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق امیتابھ بچن کی رہائش گاہ کے اطراف سکیورٹی میں اضافہ ایک مبینہ دھمکی آمیز ای میل کے بعد کیا گیا ہے، جس کی اطلاع گزشتہ ہفتے ممبئی پولیس کو ملی تھی۔رپورٹس کے مطابق یہ ای میل باندرہ کرلا کمپلیکس کے علاقے میں واقع ایک اسکول کو موصول ہوئی تھی، جس میں امیتابھ بچن کی رہائش گاہ جلسہ کا حوالہ دیتے ہوئے 31 اکتوبر اور 27 نومبر کو ممکنہ حملوں کی تاریخوں کے طور پر ذکر کیا گیا تھا۔دھمکی آمیز پیغام میں گلوکار اور اداکار دلجیت دوسانجھ کا نام بھی مبینہ طور پر شامل تھا۔

فلم ''پیسہ ناچ نچائے'' کے گانے کی شباب اسٹوڈیو میں عکسبندی

ہدایتکار سید نور نے صائمہ اور عیسیٰ ارسلان پر بارش کے دوران گانے کی شوٹنگ



لاہور (این این آئی) سینئر ہدایتکار سید نور کی نئی فلم ''پیسہ ناچ نچائے'' کی گانے کی عکسبندی شباب اسٹوڈیو میں کی گئی جس میں فلمسٹار صائمہ اور اداکار عیسیٰ ارسلان نے حصہ لیا۔بارش میں گانے کی عکسبندی کیلئے خصوصی انتظامات کئے گئے۔اس موقع پر عیسیٰ ارسلان کی والدہ زرقا شاہد بھی موجود تھیں جنہوں نے فلم کی شوٹنگ میں خصوصی دلچسپی لی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے زرقا شاہد نے کہا کہ انہیں اپنے بیٹے کی کامیابی سے بڑھ کر پاکستانی فلم انڈسٹری کی کامیابی کی فکر ہے۔انہوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری کی بحالی اور ترقی کیلئے تمام فنکاروں اور فلمسازوں کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

عینک والا جن' پر اے آئی فلم بنانے پر ڈائریکٹر حفیظ طاہر برہم

طاہر نے انسٹاگرام پر جاری ویڈیو بیان میں گہرے صدمے اور سخت غصے میں ہیں



لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان کے معروف کامیڈی سیریل 'عینک والا جن' کے خالق اور ہدایتکار حفیظ طاہر نے اپنی مشہور تخلیق پر بغیر اجازت مصنوعی ذہانت کے ذریعے فلم بنانے پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔حفیظ طاہر نے انسٹاگرام پر جاری ویڈیو بیان میں کہا کہ وہ گہرے صدمے اور سخت غصے میں ہیں، کیونکہ ان کی زندگی بھر کی فنی تخلیق 'عینک والا جن' کے نام اور تصور کو انکی اجازت کے بغیر استعمال کرتے ہوئے اے آئی کے ذریعے فلم بنا کر سینما گھروں میں ریلیز کردیا گیا۔انہوں نے کہا کہ 'عینک والا جن' ان کا اصل آئیڈیا اور تخلیق ہے، وہی اس کے کانسیپٹ رائٹر ہیں، نام بھی انہوں نے رکھا اور اس کی ہدایت کاری بھی خود کی، یہ معیاری سیریل پاکستان ٹیلی ویژن (پی ٹی وی) کے لیے بنایا، جس سے پی ٹی وی نے کروڑوں روپے کمائے۔حفیظ طاہر نے اس اقدام کو اپنی تخلیقی ملکیت پر "دن دہاڑے ڈاکا" قرار دیتے ہوئے کہا کہ کسی کو بھی ان کی اجازت کے بغیر انکے تخلیقی کام کو استعمال کرنے کا حق حاصل نہیں

ہنی سنگھ کے بھانجے سمیت 2 نوجوان ٹریفک حادثے میں ہلاک

جالندھر (سی ایم لنکس) بھارتی ریاست پنجاب کے شہر جالندھر میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں معروف گلوکار یو یو ہنی سنگھ کے بھانجے سمیت 2 نوجوان ہلاک ہوگئے۔حادثہ پولیس لائنز کے قریب ایک فلائی اوور پر پیش آیا، جہاں سالگرہ کی تقریب سے واپس آنے والی گاڑی سڑک پر کھڑے میونسپل کارپوریشن کی ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گئی۔حادثے میں ہلاک ہونے والے نوجوانوں کی شناخت ودت اولاک اور آرو تلوار کے نام سے ہوئی ہے۔بھارتی میڈیا کے مطابق ودت اولاک گلوکار ہنی سنگھ کے بھانجے اور پنجابی میوزک کمپنی اسپیڈ ریکارڈز کے مالک دنیش کے بیٹے تھے، جبکہ آرو تلوار معروف مٹھائی کی ایک دکان کے مالک کے بیٹے تھے۔پولیس کے مطابق حادثے کی اطلاع رات تقریباً 3 بجے موصول ہوئی۔پولیس کا کہنا ہے کہ میونسپل کارپوریشن کے صفائی کے اہلکار اس وقت فلائی اوور پر صفائی کر رہے تھے اور کچرا جمع کرنے کے لیے ٹریکٹر ٹرالی سڑک پر کھڑی کی گئی تھی۔کار بی ایم سی چوک سے بی ایس ایف چوک کی جانب جارہی تھی۔

CHIEF MINISTER'S ہونہار SCHOLARSHIP PROGRAM '26 پڑھو یقین سے
Chief Minister's Laptop Program e youth initiative 2026
چیف گیسٹ
وزیراعلیٰ پنجاب
ایونٹ
03 نومبر، 2026
کامسیٹس یونیورسٹی، اٹک
https://honhaarscholarship.punjabhec.gov.pk/
https://cmlaptophed.punjab.gov.pk
SPL-1069



Higher Education Department
CM PUNJAB MARYAM NAWAZ
خوش آمدید
اٹک
لیپ ٹاپ اور اسکالرشپ کی تقسیم
اسکالرشپس 110,000
لیپ ٹاپس 112,000

بقیہ 1

ختم کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں قبضہ مافیا اور رسہ گیروں کے لیے اب کوئی گنجائش نہیں۔ سفارشوں کے ذریعے ڈیرے کے ملازمین کو سرکاری عہدوں پر نوازنے کا رواج بھی ختم ہو چکا ہے۔ سالک حسین جس تھالی میں کھا رہے ہیں، اسی میں چھید نہ کریں۔ بیان بازی کرنے کے بجائے انہیں شافع حسین سے حقائق معلوم کر لینے چاہئیں تھے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز نے پنجاب کے بجٹ کو شفاف اور منصفانہ انداز میں صوبے کے چھوٹے شہروں تک منتقل کیا ہے۔ پہلی مرتبہ بلا تفریق پنجاب کے تمام شہروں میں یکساں نوعیت کے ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ پورے صوبے میں سڑکوں کا جال بچھایا جا رہا ہے جبکہ پنجاب کے تمام شہریوں کا صوبائی وسائل اور خزانے پر اتنا ہی حق ہے جتنا لاہور کے شہریوں کا ہے ۔انہوں نے کہا کہ لاہور کے بچوں کو ملنے والے لیپ ٹاپ اور اسکالرشپس گجرات، ملتان، رحیم یار خان، ساہیوال اور سرگودھا کے طلبہ کو بھی فراہم کیے جا رہے ہیں۔ لاہور میں چلنے والی الیکٹرک بسیں ملتان، وہاڑی اور رحیم یار خان میں بھی عوام کو سفری سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت بھی پورے پنجاب میں مستحق خاندانوں کے لیے گھر تعمیر کیے جا رہے ہیں۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ لاہور میں رائج صفائی کا نظام پنجاب کے دیہی علاقوں تک بھی وسعت دی گئی ہے ۔وزیر اعلیٰ مریم نواز کسی کسان کو ٹریکٹر اور کسی طالب علم کو لیپ ٹاپ یا اسکالرشپ دینے سے پہلے اس کی سیاسی وابستگی نہیں پوچھتیں بلکہ تمام فیصلے بلا تفریق کیے جا رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز پنجاب کی پہلی وزیر اعلیٰ ہیں جنہوں نے سرکاری جہاز کے استعمال کے اخراجات کی بھی ادائیگی کی ہے۔ان کی حکومت نے گجرات کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 12 ارب روپے خرچ کیے ہیں۔ گجرات میں جو ترقیاتی کام کئی دہائیاں پہلے ہو جانے چاہئیں تھے ، وہ بھی مریم نواز کی حکومت نے کر کے دکھائے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت کی پالیسی واضح ہے کہ صوبے کے ہر شہر، ہر علاقے اور ہر شہری کو ترقی کے یکساں مواقع اور وسائل میں جائز حصہ ملنا چاہیے۔حکومت کسی علاقے کو سیاسی وابستگی یا پسند ناپسند کی بنیاد پر نظر انداز نہیں کر رہی۔

بقیہ 2

منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ بھی لی اور کام کی رفتار و معیار کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر کامران صغیر نے افسران کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں میں کام کے معیار پر خصوصی توجہ دی جائے اور تزئین و آرائش کے تمام کام مقررہ اہداف کے مطابق جلد از جلد مکمل کیے جائیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ سیاحتی مقامات کی خوبصورتی اور بہتری کے لیے جاری اقدامات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ مری آنے والے سیاحوں کو بہتر ماحول اور سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 3

اور عوام کو سہولیات کی فراہمی میں معاون ثابت ہوں گے جس کے لئے کے پی کے میں ہزارہ صوبہ، سندھ میں کراچی اور حیدر آباد جبکہ پنجاب میں جنوبی پنجاب سمیت مختلف امور پر پہلے ہی اتفاق رائے پایا جاتا ہے اور مختلف سیاسی جماعتوں کے مابین معاملات مفاہمت کے نزدیک ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ فیصل آباد میں مقامی پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا کہ گزشتہ 80 برسوں کے دوران ملک کی آبادی میں ہونے والے غیر معمولی اضافے نے نئے انتظامی انتظامات کی ضرورت کو مزید اجاگر کر دیا ہے،عوام کی بہتر خدمت اور انتظامی امور میں بہتری کے لیے زمینی حقائق کو مدنظر رکھنا ہوگا۔انہوں نے واضح کیا کہ انفرادی سیاست کو ملک کے مجموعی مفادات پر ترجیح نہیں دی جا سکتی اور قومی معاملات میں سب کو وسیع تر ملکی مفاد کو سامنے رکھنا چاہیے۔وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے فیصل آباد آمد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موٹروے ایم 4 کی توسیع کا وعدہ پورا کر دیا ہے اور فیصل آباد کے عوام کو درپیش دیرینہ مطالبے پر عملی پیش رفت کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ فیصل آباد ملک کا اہم صنعتی و کاروباری مرکز ہے اور اس شہر کے صنعت کاروں اور شہریوں کو مزید سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں تاکہ صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ مل سکے اور ملکی معیشت مزید مضبوط ہو۔صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے اپنے دورہ فیصل آباد میں سیاسی رہنماؤں، صنعت کاروں اور سماجی شخصیات سے ملاقاتیں کیں جبکہ سابق صوبائی وزیر اور سینئر پارٹی رہنما چوہدری ظہیر الدین نے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کے اعزاز میں استقبالیہ دیا جس میں سیکرٹری جنرل آئی پی پی میاں خالد محمود، صدر آئی پی پی پنجاب رانا نذیر احمد خان، جنرل سیکرٹری شعیب صدیقی، سابق ایم پی اے چوہدری اختر علی سمیت فیصل آباد کی اہم سیاسی و سماجی شخصیات اور صنعت کاروں نے شرکت کی۔اس موقع پر چوہدری ظہیر الدین اور دیگر پارٹی رہنماؤں نے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا فیصل آباد آمد پر والہانہ استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا۔یہ امر قابل ذکر ہے کہ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان فیصل آباد چیمبر آف کامرس سے خطاب اور اس دورے کے علاوہ کمال پور انٹر چینج بھی گئے جہاں انہوں نے پنڈی بھٹیاں فیصل آباد موٹروے ایم 4 کے توسیعی کاموں کا جائزہ لیا۔

بقیہ 4

مدثر اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید عالم نے کی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر نے کہا کہ پنجاب بھر کی طرح راولپنڈی میں بھی ماڈل ویلیجز کے منصوبوں کی ذمہ داری اور نگرانی براہ راست ضلعی انتظامیہ کے سپرد کی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ راولپنڈی ضلع میں 26 ماڈل ویلیجز بنانے کا عمل جاری ہے اس سلسلے میں ترقیاتی فنڈز ہر تحصیل کے اسسٹنٹ کمشنر کی نگرانی میں خرچ کیے جائیں گے، جبکہ منصوبوں کی نشاندہی اور عملدرآمد میں ویلیج کمیٹیاں اہم کردار ادا کریں گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ ہر تحصیل میں ماڈل ویلیجز کے لیے فوری طور پر کمیٹیاں تشکیل دی جائیں اور ان میں اچھی شہرت کے حامل، باصلاحیت اور سماجی خدمت کا جذبہ رکھنے والے افراد کو شامل کیا جائے ۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدائی مرحلے میں ہر تحصیل کو پانچ کروڑ روپے کے ترقیاتی فنڈز فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ ماڈل ویلیجز کے ترقیاتی منصوبوں پر کام شروع کیا جا سکے ۔اجلاس میں پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے حکام نے ضلع راولپنڈی میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی موجودہ صورتحال اور نئے منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ضلع بھر میں موجود 241 واٹر فلٹریشن پلانٹس میں سے 182 فعال ہیں۔مزید بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صاف پانی پروگرام کے تحت ضلع راولپنڈی کی پانچوں تحصیلوں میں 252 نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کیے جا رہے ہیں، جن میں 94 آر او اور 158 میڈیا فلٹریشن پلانٹس شامل ہیں۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ واٹر فلٹریشن پلانٹس کے انتظامی امور، آپریشن، مینٹیننس، تکنیکی نگرانی اور متعلقہ عملے کے معاملات بھی ضلعی انتظامیہ کے ذریعے اسسٹنٹ کمشنرز کی نگرانی میں چلائے جائیں گے تاکہ شہریوں کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 5

کیا ہے کہ چوری کی وارداتوں کا نوٹس لے کر ملزمان کو گرفتار اور چوری شدہ سامان برآمد کرایا جائے ، بصورت دیگر ایس ایس پی آفس کے مرکزی گیٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا جائے گا۔

بقیہ 6

راولپنڈی تعلیمی بورڈ نے امتحانات کے لیے مجموعی طور پر 41 امتحانی مراکز قائم کیے ہیں، جن میں ضلع اٹک میں 7، ضلع چکوال میں 4، ضلع تلہ گنگ میں 2، ضلع جہلم میں 5، ضلع مری میں 2 اور ضلع راولپنڈی میں 17 امتحانی مراکز شامل ہیں۔ان میں 11 طلباء، 12 طالبات اور 17 مشترکہ امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں۔تمام ہارڈ اینڈ گرے امتحانی مراکز کو کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے منسلک کر دیا گیا ہے ، جہاں سے ان کی آن لائن مانیٹرنگ کی جائے گی۔ اس کے علاوہ تمام امتحانی مراکز میں نگرانی کے لیے کیمرے بھی نصب کیے گئے ہیں تاکہ امتحانی عمل کو شفاف، منصفانہ اور منظم بنایا جا سکے اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی بروقت نشاندہی ممکن ہو۔اس سلسلے میں پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں کنٹرولر امتحانات مبشر سعید اور سیکرٹری بورڈ ذوالکیف عمر شاہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں امتحانات کے انتظامات، سیکیورٹی، نگرانی، سوالیہ پرچوں کی ترسیل، جوابی کاپیوں کی واپسی اور امیدواروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ، راولپنڈی نے کہا کہ امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2026ء وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایات اور حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز کے مطابق منعقد کروایا جا رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ امتحانی عمل کو شفاف، منصفانہ اور منظم بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔امتحان میں شامل تمام امیدواروں کو بہترین امتحانی سہولیات فراہم کی جائیں گی جبکہ امتحانی نظام کی مؤثر نگرانی کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور مربوط انتظامی حکمت عملی اختیار کی گئی ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ امتحانات کے دوران میرٹ، شفافیت اور نظم و ضبط پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ کنٹرولر امتحانات مبشر سعید نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ امتحانات کے انعقاد کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام موبائل انسپکٹرز، ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹیاں اور مختلف انسپکشن ٹیمیں فیلڈ میں متحرک رہیں گی، جو روزانہ کی بنیاد پر امتحانی مراکز کا دورہ کر کے امتحانی انتظامات اور امتحانی عمل کا جائزہ لیں گی۔ ان ٹیموں کی جانب سے مرتب کردہ رپورٹس روزانہ بورڈ آفس ارسال کی جائیں گی تاکہ کسی بھی انتظامی کمی یا بے ضابطگی کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ سیکرٹری بورڈ ، ذوالکیف عمر شاہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ امتحانی عمل کے دوران سوالیہ پرچوں کی بینکوں تک محفوظ ترسیل اور امتحانات کے بعد جوابی کاپیوں کے بنڈلز بینکوں سے بورڈ آفس منتقل کرنے کے لیے ٹرانسپورٹ کے خصوصی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ امتحانی مراکز میں آن لائن مانیٹرنگ سسٹم، ضروری انتظامی سہولیات اور دیگر متعلقہ امور کو بھی حتمی شکل دے دی گئی ہے ۔انہوں نے کہا کہ امتحانات کے دوران سوالیہ پرچوں اور جوابی کاپیوں کی محفوظ نقل و حمل، بروقت ترسیل اور تمام متعلقہ امور کی انجام دہی کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کی گئی ہے۔ تمام متعلقہ شعبے باہمی رابطے کے ذریعے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے تاکہ امتحانات کا انعقاد خوش اسلوبی، شفافیت اور نظم و ضبط کے ساتھ مکمل کیا جا سکے۔

بقیہ 7

خواتین کے لیے معیاری تربیت، روزگار اور کاروباری مواقع تک رسائی کو بہتر بنانا ہے۔اجلاس کی قیادت SET کی چیف ایگزیکٹو اور پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر سونیا سلیم نے کی، جنہوں نے ادارہ جاتی شفافیت، بہتر حکمرانی، مؤثر منصوبہ بندی اور صنفی مساوات پر مبنی ہنرمندی کے نظام کی اہمیت اجاگر کی۔اس موقع پر پراجیکٹ لیڈ ڈاکٹر جبران علی خان نے KP TEVTA کے ہنرمندی کے نظام میں شفافیت، وسائل کے مؤثر استعمال، بین الاقوامی سرٹیفکیشنز اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ مہارتوں کے فروغ پر روشنی ڈالی، جبکہ گل مینا بلال نے صوبے کے مختلف اضلاع کی معاشی و معاشرتی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکمت عملی مرتب کرنے پر زور دیا۔اجلاس میں مالالا فنڈ پاکستان کی چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر نشاط ریاض سمیت دیگر ماہرین نے بھی شرکت کی۔ شرکاء نے ضلعی سطح پر اسکل میپنگ، متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت اور شواہد کی بنیاد پر سفارشات مرتب کرنے پر اتفاق کیا، تاکہ خیبر پختونخوا کی لڑکیوں اور نوجوان خواتین کے لیے ہنرمندی سے روزگار اور معاشی خودمختاری تک مؤثر راستے ہموار کیے جا سکیں۔

بقیہ 8

طور پر 24 کھلاڑی شامل ہوں گے، جبکہ خواتین کے مقابلوں میں پانچ ٹیموں کے 20 کھلاڑی حصہ لیں گے۔ایونٹ میں 36 غیر ملکی کھلاڑیوں، 12 غیر ملکی آفیشلز اور 10 تکنیکی مندوبین و ریفریز کی شرکت بھی متوقع ہے جو اس عالمی سطح کے کھیلوں کے مقابلے کی اہمیت اور بین الاقوامی حیثیت کو اجاگر کرتی ہے ۔پاک فضائیہ ملک میں اسکواش کے فروغ، باصلاحیت کھلاڑیوں کی سرپرستی اور عالمی معیار کی کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی میں ہمیشہ کلیدی کردار ادا کرتی رہی ہے ۔ اسکواش کے میدان میں پاکستان کی درخشاں روایات کی بحالی اور عالمی سطح پر اس کھیل میں ملک کا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرنے کے لیے سربراہ پاک فضائیہ کی سرپرستی میں جامع اور مربوط اقدامات جاری ہیں۔ ایئر چیف کی اسکواش کے فروغ کے لیے غیر متزلزل وابستگی، بالخصوص نچلی سطح پر کھیل کی ترقی، ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی مؤثر شناخت اور نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کرنے کے عزم نے اس کھیل کی ترقی کو نئی جہت عطا کی ہے ۔چیمپئن شپ میں پاکستان اسکواش فیڈریشن کے سینئر عہدیداران، شریک ممالک کے نمائندگان، کھلاڑیوں، کوچز، آفیشلز اور کھیلوں سے دلچسپی رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد میں شرکت بھی متوقع ہے ۔ یہ ایونٹ ایشیائی کھلاڑیوں کو اپنی فنی مہارت، مسابقتی صلاحیت اور کھیل کے اعلیٰ معیار کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی سطح پر کھیلوں کے روابط کو فروغ دینے کا ایک اہم موقع فراہم کرے گا۔ پاک فضائیہ کی سرپرستی میں اس باوقار چیمپئن شپ کا انعقاد عالمی سطح پر اسکواش میں پاکستان کی درخشاں روایات کو مستحکم کرنے اور اس کھیل میں قومی وقار و برتری کے فروغ کے عزم کا عکاس ہے۔ یہ میگا ایونٹ بین الاقوامی کھیلوں میں تعاون کو مستحکم کرنے اور نوجوان کھلاڑیوں کے لیے اعلیٰ ترین سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کی راہیں ہموار کرنے کے پاکستان کے عزم کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ چیمپئن شپ 7 نومبر 2026 کو اختتام پذیر ہوگی، جبکہ فیصلہ کن فائنل مقابلے بھی اسی روز کھیلے جائیں گے۔

بقیہ 9

ملاوٹی اشیاء عوام کو فروخت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں بلا تعطل جاری ہیں۔ اس حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔اس حوالے سے شہریوں کا تعاون بھی ضروری ہے۔ شہری کسی بھی شکایت کی صورت میں ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 10

موضوع کی وجہ سے اہمیت حاصل کرتی ہیں، جبکہ بعض اپنی تخلیق کے پیچھے موجود مقصد، اجتماعی جدوجہد اور ادبی جذبے کے باعث نمایاں مقام حاصل کرتی ہیں۔ اردو ادب میں اسی نوعیت کی ایک قابل توجہ کاوش ''نقاب نور'' کے نام سے سامنے آئی ہے، جس میں 75 اہل قلم کی تحریروں کو یکجا کر کے قارئین کے سامنے پیش کیا گیا ہے ۔''نقاب نور'' میں شریک 75 اہل قلم کے نام ثناء شہزادی، منتشرہ عبدالجبار، مدیحہ عدنان، نیہا علی، نورین قادر، نیلم خان اعوان، عنیبہ لطیف، مبراء عبدالقیوم، مقیتہ وسیم، فاطمہ شہزادی سیالکوٹ مسیال، عزرا خالد، اقصیٰ وحید، مہر النساء قمر، عائشہ سید، حمرہ شکیل، پرخا خالد، حافظ حمیرا صدیق، ثناء احمد بلوچ، آمنہ فاروق، معظم علی پاشا، سعدیہ عاجز، ڈاکٹر محمد خضر حیات، عاصمہ بنت اسلم، سیرت فاطمہ، حافظ شیزہ اعظم (لاہور)، تحریم انور، ایمن کھوکھر، نمرہ ظفر حافظ باد، علینہ ثمرین، حفصہ نورین نوری (لاہور)، محمد سبطین، شگفتہ خان، ڈاکٹر شگفتہ نصرت (سعودی عرب)، عمارہ کنول چودھری، کرن پلوش خان، عالیہ کرن، اقراء جبین (ہارون آباد)، ثناشہ بنت شریف، ڈاکٹر نایاب ہاشمی (انڈیا، بمبئی)، فاطمہ لیاقت کاٹھیا، شہزادی آمنہ، علی عمران ممتاز، ایمان ظفر (جہانیاں)، ماہ نور ریاض، محمد عثمان، فائزہ خان، ماہ نور کنول، بنت سرفراز احمد، اغنیٰ زہرہ، حلیمہ بتول، فاروق احمد حیدری، بلقیس فاطمہ جٹ، اقصیٰ محمود، سدرہ لیاقت علی، ثمر مغل، علیزہ قمر، ثوبیہ سلیم، عائشہ صدیق (لاہور)، مہرین یونس، اقراء عنایت (قصور)، محافظہ ماہی بنت علی، مہوش اختر (سیالکوٹ)، عائشہ گل، فیصل آباد، قرۃ العین شفیق، حافظہ شازیہ، ردا بتول، بتول فاطمہ (لاہور)، لیکچرار عزت علی (پاراچنار)، سیدہ فضہ بتول، خولہ علوی، ایسہ عامر، ارشد نیازی، کوکب مشتاق، نادیہ اقبال عطاریہ، کرشمہ محمد ناصر۔ادبی حلقوں کے لیے ایک اہم پیغام ۔نقاب نور کی اشاعت اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ قلم کاروں کی حوصلہ افزائی اور ان کی تخلیقات کو مناسب پلیٹ فارم فراہم کرنا ادبی معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے ۔ اگر نئے لکھنے والوں کو رہنمائی، مطالعے کے مواقع اور اپنی تحریریں قارئین تک پہنچانے کے ذرائع میسر آئیں تو اردو ادب میں نئی آوازوں اور نئے موضوعات کے لیے مزید امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 11

ٹی گروپ حیدر منظور تارڑ، حاجی فہیم اشرف ہنجرا ، چوہدری یوسف وڑائچ، ڈویژنل انفارمیشن سیکرٹری مسلم لیگ (ن) سرگودھا ڈویژن طارق محمود قاسمی، سینئر نائب صدر تحصیل ساہیوال ملک مظہر فرید کھوکھر، صدر سوشل میڈیا ٹیم مکھا میکن، جنرل سیکرٹری اسامہ پرنس، ملک نعیم الحسن جوئیہ سوشل میڈیا ایکٹویسٹ حمزہ خالد حافظ اشفاق نعمان بلوچ احمد بھٹی نوید چیمہ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز سیاسی و سماجی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میاں سبحان یامین اور بیرسٹر تیمور علی خان بلوچ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی متحرک اور مدبرانہ قیادت میں صوبے کی ترقی خوشحالی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے پنجاب میں جاری میگا ترقیاتی منصوبے نہ صرف عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنا رہے ہیں بلکہ صوبے میں ترقی و خوشحالی کے ایک نئے دور کی بنیاد بھی رکھ رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب عوامی خدمت، گڈ گورننس اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے پرعزم ہے میاں سبحان یامین اور بیرسٹر تیمور علی خان بلوچ نے شاندار استقبال، خلوص، محبت اور بہترین میزبانی پر جنت گل خان اور الحاج ملک محمد نصر اللہ جوئیہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 12

نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ مری روڈ، اسٹیڈیم روڈ اور شہر کے دیگر اہم علاقوں میں صفائی ستھرائی اور بیوٹیفکیشن کے جاری منصوبوں کو بلا تاخیر مکمل کیا جائے ۔انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافے ، صاف ستھرے ماحول کی فراہمی اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ محکمے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ ترقیاتی اور تزئین و آرائش کے منصوبوں میں معیار کو یقینی بنایا جائے اور کام کی رفتار پر کڑی نظر رکھی جائے ۔ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔

بقیہ 13

سکے ، جس کے باعث وہ شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ متاثرہ خاندانوں نے پولیس کی کارروائی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ایس ایس پی کشمور سے فوری نوٹس لینے اور انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، جبکہ مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں ایس ایس پی آفس کے مرکزی گیٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا دینے کا اعلان بھی کیا ہے تفصیلات کے مطابق کندھ کوٹ کے سی سیکشن تھانے کی حدود میں تقریباً ایک ماہ قبل نامعلوم چوروں نے ایک ہی رات ایک ہی محلے کے دو گھروں کو نشانہ بنایا۔متاثرہ خاندانوں کے مطابق ملزمان مبینہ طور پر ایک گھر کی دیوار پھلانگ کر دوسرے گھر میں داخل ہوئے اور گھروں سے نقد رقم سمیت قیمتی موبائل فون چوری کر کے فرار ہو گئے واقعے کے بعد متاثرہ خاندانوں نے متعلقہ پولیس کو اطلاع دی اور چوری شدہ سامان کی برآمدگی کے لیے کارروائی کی امید ظاہر کی، تاہم ان کا کہنا ہے کہ تقریباً ایک ماہ گزرنے کے باوجود انہیں کوئی خاطر خواہ پیش رفت دکھائی نہیں دی متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک ہی رات دو گھروں میں چوری کی وارداتیں ہونا اور اس کے بعد طویل عرصے تک چوری شدہ سامان برآمد نہ ہونا ان کے لیے باعث تشویش ہے ان کے مطابق گھروں میں چوری کے واقعات شہریوں کے تحفظ کے حوالے سے سنجیدہ سوالات پیدا کر رہے ہیں جبکہ متاثرہ خاندان اپنی جمع پونجی اور قیمتی سامان سے محروم ہونے کے بعد انصاف کے منتظر ہیں متاثرین نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ سابق ایس ایچ او صفیر جاگیرانی کے پاس انصاف کے حصول کے لیے بار بار چکر لگاتے رہے، لیکن ان کے بقول انہیں کوئی مؤثر جواب یا خاطر خواہ نتیجہ حاصل نہیں ہوا۔اب سی سیکشن تھانے میں ایس ایچ او علی نواز سبزوئی کی تعیناتی کے باوجود متاثرہ خاندانوں کا دعویٰ ہے کہ انہیں تاحال کوئی مثبت جواب نہیں مل سکا۔ان کا کہنا ہے کہ وہ پولیس حکام سے مسلسل رابطہ کر کے اپنی شکایت کے ازالے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن چوری شدہ سامان کی عدم برآمدگی اور ملزمان کی عدم گرفتاری کے باعث ان کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے متاثرہ خاندانوں نے ایس ایس پی کشمور سے اپیل کی ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، متعلقہ پولیس کو چوری کی وارداتوں کی مؤثر تفتیش کرنے کی ہدایت کی جائے اور چوری شدہ نقد رقم و موبائل فون برآمد کرا کے ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہریوں کی شکایات کو سنجیدگی سے سنا جائے اور انہیں انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے متاثرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر ان کی شکایت پر جلد مؤثر کارروائی نہ کی گئی اور چوری شدہ سامان کی برآمدگی کے لیے عملی اقدامات نہ اٹھائے گئے تو وہ مجبوراً ایس ایس پی آفس کندھ کوٹ کے مرکزی گیٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا دیں گے ۔ ان کا کہنا ہے کہ احتجاج کا مقصد متعلقہ حکام کی توجہ اپنی شکایت کی جانب مبذول کرانا اور انصاف کا حصول ہے شہری حلقوں کی جانب سے بھی مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ چوری کی وارداتوں کی شفاف اور مؤثر تحقیقات کی جائیں متاثرین کی شکایات کا ازالہ کیا جائے اور علاقے میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ 14

دوران دھماکہ ہوا، جبکہ بعض افراد نے ایک اہلکار کے زخمی ہونے کا دعویٰ بھی کیا۔ دوسری جانب گوجرخان میں محکمہ سوئی گیس کے انچارج نے اپنے ریکارڈ شدہ مؤقف میں بتایا کہ نالے میں گیس کی کراس لائن موجود تھی، جہاں کھدائی کے دوران کسی چیز کے ٹکرانے سے ممکنہ طور پر چنگاری اٹھی اور دھماکہ ہو گیا۔ان کے مطابق کراس لائن بند کر دی گئی ہے تاکہ گیس کی مزید جاری نہ رہے، جبکہ باقی مرمتی کام بعد میں کیا جائے گا۔ انہوں نے مکانات کی بنیادوں کو نقصان پہنچنے کی بھی تردید کی۔ واقعے کے حوالے سے عینی شاہدین اور محکمہ سوئی گیس کے بیانات میں فرق سامنے آیا ہے ۔ اہل محلہ نے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی تحقیقات کر کے اصل وجہ اور ذمہ داری کا تعین کیا جائے اور متاثرہ گلی و مکانات کو پہنچنے والے نقصان کا ازالہ کیا جائے۔

بقیہ 15

تقریب منعقد کی گئی، جس کے دوران زیر تعلیم خصوصی طلبہ و طالبات میں اسکول بیگز، یونیفارم، مزار اور جوتوں کے دو دو جوڑے تقسیم کیے گئے ۔اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر آر سی ایم ایچ سی کندھ کوٹ ریاض احمد کھوسو، کفایت اللہ کھوسو اور دیگر اساتذہ کا کہنا تھا کہ خصوصی بچوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کرنا اور انہیں بنیادی تعلیمی سہولیات سے آراستہ کرنا ادارے کی ترجیحات میں شامل ہے ۔ خصوصی بچوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے اور انہیں معاشرے کا فعال اور کارآمد شہری بنانے کے لیے ایسے اقدامات نہایت اہمیت کے حامل ہیں تقریب کے دوران تعلیمی سامان ملنے پر بچوں نے خوشی کا اظہار کیا، جبکہ والدین نے اس کاوش کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ خصوصی بچوں کی فلاح و بہبود اور تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیے ایسے اقدامات بچوں میں تعلیمی سرگرمیوں سے دلچسپی پیدا کرنے اور ان کے تعلیمی رجحان کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 16

''ستھرا پنجاب '' ٹیمیں ضلع مری کے تمام دیگر چھوٹے بڑے قبرستانوں میں بھی صفائی ستھرائی اور مناسب دیکھ بھال کو بلا تعطل یقینی بنا رہی ہیں۔ ضلع انتظامیہ عوامی سہولیات اور مقدس و تاریخی مقامات کے پُروقار ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 17

رکھنے پر زور دیا گیا۔ نمبرداران کو ہدایت کی گئی کہ غیر قانونی سرگرمیوں، بغیر اندراج کرایہ داروں اور غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں سے متعلق معلومات فوری طور پر پولیس کو فراہم کریں۔ اس موقع پر نمبرداران نے پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون، حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد اور اپنے علاقوں میں نگرانی کا نظام بہتر بنانے کی یقین دہانی کروائی۔ پولیس کے مطابق ان مشترکہ اقدامات کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی حوصلہ شکنی، شہریوں کے تحفظ اور پولیس و مقامی نمائندوں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کے ذریعے علاقے میں امن و امان برقرار رکھنا ہے۔

بقیہ 18

جرائم کی مؤثر تحقیقات، ذمہ داروں کے احتساب اور آزادیٔ اظہار کے تحفظ پر زور دیتا ہے ۔حکومتیں محض بیانات کے بجائے ایسے مؤثر قوانین اور عملی نظام وضع کریں جو صحافیوں کو دھمکیوں، تشدد، غیر قانونی دباؤ اور انتقامی کارروائیوں سے حقیقی تحفظ فراہم کریں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں بالخصوص ان علاقائی صحافیوں، رپورٹرز کو بھی خصوصی تحفظ اور مراعات فراہم کریں جو سرکاری طور پر منظور شدہ، اے بی سی سرٹیفائیڈ اور دیگر تسلیم شدہ علاقائی اخبارات کے ساتھ وابستہ ہو کر محدود وسائل اور ناسازگار معاشی حالات میں صحافتی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ موجودہ مہنگائی کے دور میں ان صحافیوں کی قلیل آمدن، معاشی عدم استحکام اور پیشہ ورانہ مشکلات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا؛ حکومت ایسے صحافیوں اور ان کے خاندانوں کے لیے خصوصی مالی معاونت، علاج معالجے، بچوں کی تعلیم و تربیت اور صحت کی سہولیات پر مشتمل باقاعدہ فلاحی پیکیج متعارف کرائے ۔ صحافیوں کے تحفظ سے متعلق قوانین میں ان کے اہل خانہ کے حقوق، قانونی معاونت، روزگار کے تحفظ اور معاشی فلاح کو بھی شامل کیا جائے تاکہ قلم کے مزدور عزت اور اطمینان کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں۔انہوں نے واضح کیا کہ قوانین کا مقصد صحافیوں اور ان کے خاندانوں کو تحفظ دینا، ان کے حقوق کی ضمانت اور آزادیٔ اظہار کو مضبوط بنانا ہونا چاہیے ، نہ کہ پیکا سمیت کسی قانون کو اختلافی آوازوں یا حقائق پر مبنی خبروں کو دبانے کا ذریعہ بنایا جائے ۔ کسی خبر پر اعتراض ہو تو جواب ثبوت اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے دیا جائے، نہ کہ صحافی کو دھمکا کر، راستہ روک کر یا ہراساں کر کے خاموش کرایا جائے ۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ صحافت اقتدار کے ایوانوں کی خوشامد نہیں بلکہ عوام کے سامنے سچ رکھنے کی ذمہ داری ہے، ہمارا قلم کسی دباؤ کے سامنے نہیں جھکے گا، کیونکہ آزاد صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق، جمہوریت کے استحکام اور ریاستی اداروں کی جواب دہی کا تحفظ ہے۔

بقیہ 19

میں 72 ارب 46 کروڑ روپے کے سرکاری اخراجات کی مکمل تصدیق نہیں ہو سکی۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق صوبائی اسمبلی کے منظور شدہ بجٹ سے 104 ارب 26 کروڑ روپے زائد SAP سسٹم میں درج کیے گئے۔ منظور شدہ بجٹ سے زیادہ اندراجات نے صوبائی حکومت کے مالیاتی نظام کی شفافیت پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 153 ارب 68 کروڑ روپے کے ترقیاتی اخراجات غلط حساباتی مد میں ظاہر کیے گئے ۔ ترقیاتی فنڈز کو جاری اخراجات ظاہر کرنے سے سرکاری مالیاتی گوشواروں میں سنگین خامیاں سامنے آئی ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق رپورٹ میں پبلک اکاؤنٹ میں 39 ارب 58 کروڑ روپے کے منفی بیلنس کی نشاندہی بھی کی گئی ہے، جو وصولیوں سے زائد ادائیگیوں کو ظاہر کرتا ہے۔

بقیہ 20

عوام کے مطابق اس مہم کے نتیجے میں شہر میں حقیقی تبدیلی کے اثرات نمایاں ہو رہے ہیں ۔ پشاور کو ایک بار پھر پھولوں کا شہر بنانے کے عزم پر پیش رفت جاری ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گورنر راج کے بعد ڈبلیو ایس ایس پی کی کارکردگی میں واضح بہتری آئی ہے، جس کا کریڈٹ سی ای او قرۃ العین وزیر کو جاتا ہے۔ واٹر ہائپ تھام کر خود نالیاں صاف کرنے اور صفائی کے عمل میں عملی طور پر حصہ لینے سے اداروں میں نئی روح پھونک دی گئی ہے۔ عوام نے گزشتہ 5، 6 سال سے التوا کا شکار صفائی کے کام کے بعد شہر میں دن رات جاری گرینڈ آپریشن کو قابل تعریف قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ قرۃ العین وزیر کی نگرانی میں پشاور کے 80 فیصد علاقوں میں صفائی مکمل کر لی گئی ہے، جبکہ باقی 20 فیصد علاقوں میں کام جاری ہے۔

بقیہ 21

اسی طرح شمسی ٹیوب ویلز کی تنصیب سے کسانوں کو سستی، صاف اور ماحول دوست آبپاشی کی سہولت فراہم کی گئی ہے، شمسی توانائی کے استعمال سے بجلی کے بھاری اخراجات میں کمی آئی ہے، جبکہ پانی کی قلت پر قابو پانے میں بھی مدد ملی ہے۔ دشت ویلی کے کھیتوں میں لوٹتی ہریالی گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت زرعی ترقی اور خوشحالی کے نئے امکانات کی عکاس ہے۔

بقیہ 22

راولپنڈی میں سائبر کرائم کا نیا معاملہ سامنے آیا، مرغی کی سپلائی کے نام پر شہری کو 23 لاکھ 96 ہزار 600 روپے کا مبینہ چونا لگایا گیا، این سی سی آئی اے راولپنڈی نے مبینہ فراڈ میں ملوث دو ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، نجی ہاؤسنگ سوسائٹی فیز 8 میں اعوان چکن کے نام سے دکان چلانے والا ملزم مبینہ فراڈ میں ملوث تھا ۔ملزمان پر جعلی اور ایڈیٹ شدہ بینک ٹرانزیکشن رسیدیں تیار کرنے اور استعمال کرنے کا الزام ہے، دوسرا ملزم مبینہ طور پر جعلی رسیدیں تیار کر کے واٹس ایپ کے ذریعے بھیجتا تھا . جعلی رسیدوں کے ذریعے ادائیگی کا تاثر دے کر مرغی سپلائر کو دھوکہ دینے کا انکشاف ہوا۔ این سی سی آئی اے کی انکوائری میں ملزمان کی واٹس ایپ گفتگو اور مبینہ جعلی رسیدیں سامنے آ گئیں، موبائل فونز کے تکنیکی تجزیے نے مبینہ سائبر فراڈ کے اہم شواہد فراہم کر دیئے، کاروباری حسابات کی جانچ پڑتال پر 23 لاکھ 96 ہزار 600 روپے کی مبینہ عدم ادائیگی سامنے آ گئی۔

بقیہ 23

دوسرے مرحلے میں مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ٹیکس ایئر 2026 کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ اپ ڈیٹ کر دی گئی ہے جس میں 31 اکتوبر تک ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام لسٹ سے خارج کر دیے گئے ہیں اس بارے میں ایف بی آر حکام نے بتایا کہ ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 2 مرتبہ توسیع کی گئی تھی، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والے محض ریٹرن فائل کر کے ایکٹو ٹیکس پیئر نہیں بن سکیں گے۔ لسٹ میں واپسی کے لیے اضافی سرچارج ادا کرنا ہوگا۔ توسیع کی درخواست دینے والے بعض افراد کے نام نئی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہیں۔ توسیع کی درخواست منظور ہونے تک ٹیکس دہندگان کا اسٹیٹس غیر فعال رہے گا۔ ذرائع کے مطابق کاروباری نقصانات اگلے سال منتقل کرنے کا حق بھی متاثر ہو سکتا ہے۔

بقیہ 24

زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں، جس کے پیش نظر اسکول انتظامیہ کو عمارتیں فوری خالی کر کے تعلیمی سرگرمیاں محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے نوٹس میں واضح کیا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں متعلقہ اسکول انتظامیہ ذمہ دار ہوگی۔

بقیہ 25

مطابق جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں مجرم کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ عدالت نے جرم میں معاونت کا الزام ثابت نہ ہونے پر شریک ملزم شاہزیب معراج کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا۔ مقدمے کے مطابق مرکزی ملزم نے دھوکے سے 16 سالہ میٹرک کے طالب علم کو ڈرائنگ روم میں بند کیا اور گن پوائنٹ پر اسے ہراساں کرتے ہوئے اس کی رضامندی کے بغیر نازیبا اور متنازع ویڈیو ریکارڈ کی۔

بقیہ 26

برائے صنعت و تجارت رانا احسان افضل، وزارت صنعت و پیداوار کی ایڈیشنل سیکرٹری حمیرا ضیا مفتی اور جوائنٹ سیکرٹری فریدون اکرم شیخ بھی موجود تھے۔ بنگلہ دیش کے وزیر اور ان کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات برادرانہ، مشترکہ ثقافتی ورثے اور تاریخی روابط پر مبنی ہیں۔

بقیہ 27

سے بھی قاصر ہیں۔ بیان میں انہوں نے اپنی ذہنی کیفیت کا ذکر کرتے ہوئے خودکشی کے خیالات کا اظہار بھی کیا۔ مسٹر چٹلو نے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمیوں سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ ان کے مطابق وہ بھی اس سانحے پر اتنے ہی افسردہ ہیں جتنا متاثرہ خاندان۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور فیلڈ مارشل عاصم منیر سے مطالبہ کیا کہ واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور انہیں اس حادثے کا ذمے دار قرار دینے سے پہلے تمام شواہد دیکھے جائیں۔ انصر محمود نے بتایا کہ ان کی شادی کی تقریبات پانچ، چھ اور سات تاریخ کو طے تھیں، جن میں مہندی، بارات اور ولیمے کی تقریبات شامل تھیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے ایک تقریب عوام کے لیے رکھی تھی، جس کا مقصد ضرورت مند افراد کی مدد، مستحق لڑکیوں کی شادیوں کا انتظام، راشن اور تحائف تقسیم کرنا تھا۔ ان کے مطابق وہ اپنی شادی کہیں بھی منعقد کر سکتے تھے، لیکن انہوں نے پاکستان میں عوام کے ساتھ خوشیاں بانٹنے کا فیصلہ کیا۔ مسٹر چٹلو نے دعویٰ کیا کہ تقریب میں آنے والے افراد کی حفاظت اور نظم و ضبط کے حوالے سے انہوں نے تقریب سے دس پندرہ روز پہلے ایک ویڈیو بھی جاری کی تھی۔ اس میں لوگوں سے اپنے سامان کی حفاظت کرنے، ایک دوسرے کو دھکا نہ دینے اور قطار میں رہنے کی اپیل کی گئی تھی۔ ان کے مطابق ایونٹ کے لیے باقاعدہ این او سی حاصل کیا گیا تھا، اس لیے انہیں واقعے کا ذمے دار قرار دینا درست نہیں۔ انصر محمود نے اپنی روپوشی کے بارے میں کہا کہ وہ گزشتہ دو روز سے منظر عام پر نہیں آئے اور خود بھی سمجھ نہیں پا رہے کہ کیا کریں۔ ان کے مطابق وہ زمین پر سہارا لے کر واش روم جاتے ہیں اور اکیلے ہیں۔

بقیہ 28

دو ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ سکینڈل میں ملوث 18 ملزمان کے نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرا دیے گئے ہیں۔ ملزمان نے سینکڑوں شہریوں کے ساتھ سرمایہ کاری کے نام پر بھاری مالیت کا فراڈ کیا، گرفتار ملزمان کے انکشافات پر تفتیش کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا ہے، گرفتار ملزمان کے زیر استعمال موبائل فونز اور لیپ ٹاپ کا فورنزک آڈٹ جاری ہے، دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، یہ تفصیلات اسسٹنٹ ڈائریکٹر رانا محسن نے بتائیں۔

بقیہ 29

لاہور سے ایڈیشنل ایس پی انویسٹی گیشن علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تعینات کر دیا گیا، حسن فاروق کو ایڈیشنل ایس پی انویسٹی گیشن علامہ اقبال ٹاؤن سے ایڈیشنل ایس پی انویسٹی گیشن صدر لاہور تعینات کر دیا گیا، غلام حسین چوہان کو ایس ایس پی لیگل لاہور سے اے آئی جی لیگل سی پی او پنجاب تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 30

(ایچ آر) ناصر حسین کا لاہور سے بہاولنگر تبادلہ، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمود ہارون خان فیصل آباد سے لاہور تبدیل، محمود ہارون خان ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس، ڈسٹرکٹ جوڈیشری، لاہور ہائیکورٹ تعینات، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اورنگزیب بہاولپور سے میانوالی تبدیل، عارف محمود خان لاہور سے خوشاب تبدیل، واپسی (ریپٹریشن) پر تعیناتی ، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فیض الحسن ملتان سے فیصل آباد تبدیل، سردار محمد اقبال ڈوگر لاہور سے ملتان تبدیل، سینئر ایڈیشنل رجسٹرار ملتان بینچ تعینات کر دیئے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اورنگزیب بہاولپور بینچ کے سینئر ایڈیشنل رجسٹرار کے عہدے سے میانوالی تبدیل حسن احمد ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عیسیٰ خیل سے بہاولپور تبدیل، حسن احمد کو ترقی کے بعد سینئر ایڈیشنل رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ بہاولپور بینچ تعینات کر دیا گیا، تبدیل ہونے والے ججز 4 نومبر 2026ء تک نئی جگہ چارج سنبھالنے کے پابند ہوں گے، تبادلوں کا نوٹیفکیشن رجسٹرار کے دستخط سے جاری ہوا ہے، نوٹیفکیشن کی نقول سپریم کورٹ، وفاقی آئینی عدالت اور اسلام آباد ہائیکورٹ سمیت متعلقہ اداروں کو ارسال کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 31

پاکستان کی قیادت کی جانب سے صدر شی جن پنگ کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور چین کے ساتھ تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر تبادلوں کو فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات میں قریبی رابطہ کاری برقرار رکھنے اور مثبت پیش رفت کو آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 32

بڑی نیکی ہے ، نکاح کے پاک رشتے میں باندھنا معاشرے کی بہت بڑی خدمت ہے ۔سماجی تنظیم کے سربراہ چوہدری ارشد ورک کا کہنا تھا کہ وہ اللہ کے دیئے رزق سے مستحق گھرانوں کی بیٹیوں کی اجتماعی شادیوں کا نہ صرف اہتمام کرتے ہیں انکو اپنی بیٹیاں سمجھ کر باراتوں کا استقبال کرتے ہیں اچھا کھانا دیتے ہیں اور جہیز کے مکمل سامان کیساتھ طلائی انگوٹھی قرآن پاک اور گھڑی دیتے ہیں ۔ہر سال اجتماعی شادیوں کا اہتمام کرتے ہیں اور ابتک چھ سو مستحق گھرانوں کی بیٹیوں کی شادیاں کروا چکے ہیں شادیوں کی تقریب میں ہاتھ پیلے ہونے پر مستحق گھرانوں کی بیٹیاں انکے والدین بہت خوش نظر آئے اور سماجی تنظیم کو دعائیں دیتے رہے۔

بقیہ 33

کا اہتمام کیا گیا، شادی کی تقریب میں انعامات کی تقسیم کے اعلان کے موقع پر رش بہت زیادہ ہونے کی وجہ سے بھگدڑ مچنے سے بڑھا گورائیہ کا رہائشی ایک شخص ہلاک ہو گیا اور 18 افراد کے زخمی ہوئے، کیا اس پروگرام کی مقامی انتظامیہ سے اجازت طلب کی گئی تھی، اگر جواب ہاں ہے تو میزبان کے ساتھ انتظامیہ نے مل کر کیا ایس او پیز طے کیے تھے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟، اس واقعہ کی ایف آئی آر تھانہ موترہ سیالکوٹ میں مورخہ یکم نومبر 2026 کو درج ہوئی، اس وقوعہ میں ملوث اب تک کتنے ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے، پولیس کی اب تک کی مکمل تفتیش سے ایوان کو آگاہ فرمایا جائے۔

بقیہ 34

درج کیا گیا تھا۔ ڈسٹرکٹ پراسیکیوٹر وقار عابد بھٹی کی سربراہی میں کیس کی تفتیش مکمل کی گئی جس کے بعد عدالت نے ملزم کو عمر قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔

بقیہ 35

کر رہے تھے ۔وزیر خزانہ نے بنگلہ دیشی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان اقتصادی روابط اور ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینا اہمیت کا حامل ہے ۔انہوں نے باہمی اقتصادی مفادات اور مشترکہ ترقیاتی ترجیحات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کے موقع کو سراہا، ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے عالمی معاشی صورتحال میں رونما ہونے والی تبدیلیوں، ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش چیلنجز اور پائیدار و جامع ترقی کے حصول کے ساتھ معاشی استحکام برقرار رکھنے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر معاشی اصلاحات، مالیاتی انتظام، سرمایہ کاری کے فروغ اور معیشت کی مشکلات برداشت کرنے کی صلاحیت بہتر بنانے کے اقدامات بھی زیر بحث آئے۔

بقیہ 36

ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں اغواء برائے تاوان کے 2، 2 مقدمات کا اندراج ہوا، گزشتہ سال اقبال ٹاؤن ڈویژن میں اغوا برائے تاوان کے 2 مقدمات درج کئے گئے، گزشتہ سال سٹی اور سول لائنز ڈویژن میں اغوا برائے تاوان کا ایک، ایک واقعہ رپورٹ ہوا۔

بقیہ 37

1696 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔ 100 والے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی فیصل آباد جبکہ 1500 والے بانڈز کی قرعہ اندازی حیدرآباد میں ہوگی۔

بقیہ 38

اور جسٹس خادم حسین سومرو شامل ہوں گے، تیسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس محمد آصف ساعت کریں گے، جبکہ چوتھے ڈویژن بینچ میں جسٹس اعظم خان اور جسٹس عمیر مجید ملک شامل ہیں۔ پانچویں ڈویژن بینچ میں جسٹس انعام امین منہاس اور جسٹس ایاز شوکت شامل ہوں گے۔ نیا ڈیوٹی روسٹر آج سے تاحکم ثانی نافذ العمل رہے گا۔

بقیہ 39

لے لیا۔ متاثرہ خاتون نے موقف اختیار کیا کہ شوہر کی وفات کے صرف 40 روز بعد سسرالیوں نے اسے مبینہ تشدد کا نشانہ بنایا جبکہ نند اور بہنوئی نے اس کے سر کے بال بھی کاٹ دیئے۔ خاتون نے الزام عائد کیا کہ دوران عدت اسے تین بچوں سمیت گھر سے نکالنے کی کوشش کی گئی اور جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دی گئیں۔ پولیس نے واقعہ کا مقدمہ بھی درج کر لیا ہے۔

بقیہ 40

میں دولہا کے اہلخانہ، رشتہ داروں اور دوستوں نے شرکت کی۔ اہلخانہ کے مطابق دولہا اور دلہن دونوں قوت سماعت سے محروم ہیں، تاہم ایک دوسرے کا ساتھ ملنے پر بے حد خوش ہیں، دلہن نے پاکستانی لباس زیب تن کیا اور مقامی لوگوں کے ساتھ گھل مل گئی۔

بقیہ 41

کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا بھائی شکیل احمد 5 سال قبل فتنہ الہندوستان نامی کالعدم تنظیم کے بہکاوے میں آ کر گھر چھوڑ گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ کوشش کر کے اسے سرنڈر بھی کروایا گیا تاہم وہ دوبارہ تنظیم میں چلا گیا۔ محمد حیات کے مطابق 2 دن قبل انہیں معلوم ہوا کہ شکیل احمد گوادر میں دہشت گردی کی کارروائی انجام دیتے ہوئے سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہو گیا ہے۔

بقیہ 42

پیدا ہو۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے نادرا ترجمان نے بتایا کہ بعض کیسز میں ریکارڈ کا جائزہ لینے کے دوران ایسی غیر مستقل یا متضاد معلومات سامنے آتی ہیں جن سے یہ شبہ پیدا ہو سکتا ہے کہ کسی فرد نے اپنا ریکارڈ درست طریقے سے حاصل نہیں کیا یا اس میں کسی مرحلے پر ایسی تبدیلی ہوئی ہے جو دستیاب معلومات سے مطابقت نہیں رکھتی۔ حکام کے مطابق بعض اوقات کسی شہری کا ریکارڈ ایسے خاندان کے افراد کے ساتھ منسلک پایا جاتا ہے جن سے اس کا تعلق ثابت نہیں ہوتا۔ ایسی صورت میں متعلقہ خاندان کے افراد خود نادرا کو درخواست دے سکتے ہیں کہ ان کی فیملی ٹری میں ایک ایسے شخص کو شامل کر دیا گیا ہے جسے وہ جانتے تک نہیں۔ حکام کے مطابق مشتبہ کیٹیگری میں شامل ہونا لازماً اس بات کا حتمی فیصلہ نہیں ہوتا کہ شہری کا شناختی ریکارڈ غلط ہے، بلکہ بعض معاملات میں ریکارڈ میں موجود تضادات کی مزید جانچ اور وضاحت کے لیے کارروائی کی جاتی ہے۔

بقیہ 43

رپورٹ ہوئے۔ میو ہسپتال میں 11 ہزار سے زائد مریض فلو، کورونا اور انفلوئنزا جیسی علامات کے ساتھ سامنے آئے ، جبکہ سروسز ہسپتال میں 9 ہزار 800 سے زائد اور جناح ہسپتال میں ایک ہزار سے زائد مریض رپورٹ ہوئے ، اس کے علاوہ جنرل ہسپتال، گنگارام ہسپتال اور چلڈرن ہسپتال میں بھی ہزاروں مریض فلو جیسی علامات کے ساتھ علاج کیلئے پہنچے ۔ ذرائع کے مطابق ریپڈ ٹیسٹنگ کے دوران کورونا کے مثبت کیسز سامنے آنے کا بھی انکشاف ہوا ہے، جس نے صحت کے حوالے سے تشویش میں اضافہ کر دیا ہے۔ ہیڈ آف ای این ٹی ڈیپارٹمنٹ سروسز ہسپتال کے مطابق کورونا کے مختلف ویرینٹس پہلے کے مقابلے میں کم شدت والے ہو سکتے ہیں تاہم ان کی علامات کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے، فلو کی علامات ظاہر ہونے پر خود تشخیص اور علاج کے بجائے مستند ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے ۔ پروفیسر شہباز غوری کا کہنا ہے کہ کورونا، فلو اور سموگ سانس کی بیماریوں سے ملتی جلتی علامات پیدا کر سکتے ہیں، جس کے باعث شہریوں کو احتیاط برتنے اور بروقت طبی معائنہ کرانے کی ضرورت ہے ۔شہر میں بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی اور وائرل بیماریوں کے پیش نظر شہریوں کو غیر ضروری باہر نکلنے سے گریز، ماسک کے استعمال اور صفائی کا خصوصی خیال رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 44

ورک چارجڈ اور کنٹریکٹ پیڈ ملازمین کو مستقل نہ کرنے سے متعلق پنجاب حکومت کا فیصلہ غیر قانونی قرار دے کر کالعدم قرار دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد اسحاق نے محمد بلال رضا و دیگر کی درخواستوں سمیت ملازمین کی 26 آئینی درخواستوں پر 26 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا، جسٹس خالد اسحاق نے فیصلے میں لکھا کہ مستقل نوعیت کے کام پر مسلسل نو ماہ سے زائد خدمات انجام دینے والے اہل ملازمین مستقل ورکرز قرار پانے کے حق دار ہیں۔ پنجاب حکومت کی 2021 کی پالیسی کا اطلاق ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز پر بھی ہوگا اور مستقل ورکرز کا قانونی درجہ حاصل کرنے کیلئے الگ سے نوٹیفکیشن جاری کرنا ضروری نہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز خود مختار ادارے ہونے کی بنیاد پر حکومتی پالیسی کے اطلاق سے انکار نہیں کر سکتیں، ملازمین کی بار بار 89 روزہ تقرریاں مستقل نوعیت کے کام کی حقیقت تبدیل نہیں کر سکتیں، ملازم کی قانونی حیثیت کا تعین تقرری کے نام سے نہیں بلکہ کام کی نوعیت اور مدت سے کیا جائے گا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ایک جیسے حالات میں کام کرنے والے ملازمین کے ساتھ مختلف سلوک آئین کے آرٹیکل 25 کے منافی ہو سکتا ہے، بعض ملازمین کو مستقل ورکرز کا درجہ دینا جبکہ دیگر کو اس حق سے محروم رکھنا امتیازی سلوک ہے۔

بقیہ 45

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی نظر بندی کے نوٹیفکیشن میں توسیع کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے حکم دیا کہ دونوں بیٹیوں کی والدہ سے ایک گھنٹے کی ملاقات کرائی جائے، وکیل ملاقات سے متعلق ڈی سی لاہور کو درخواست دے گا، ڈی سی لاہور وکیل کی درخواست پر کل ملاقات کرائے۔ لاہور ہائیکورٹ نے نورین نیازی کی دونوں بیٹیوں سے آج بروز منگل کو جیل میں صبح 10 بجے ملاقات کرانے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے نورین نیازی اور عظمیٰ خان کی نظر بندی کے نوٹیفکیشن میں توسیع پر ڈی سی لاہور کو طلب کر لیا، عدالت نے ڈی سی لاہور کو ذاتی حیثیت میں 4 نومبر کو طلب کر لیا، عدالت نے علیمہ خانم کی نظر بندی کی توسیع کے خلاف سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی۔ عدالتی حکم پر سیکرٹری داخلہ نے رپورٹ پیش کی، وکیل پنجاب حکومت نے عدالت کو بتایا کہ نورین نیازی کا ہسپتال میں علاج کرایا گیا، نورین نیازی کو ڈاکٹرز کی ہدایت پر دوبارہ جیل منتقل کر دیا گیا ہے، علاج کے دوران 29 اکتوبر کو حاجرہ نیازی کی والدہ سے ملاقات کروائی جا چکی ہے۔

بقیہ 46

گئیں، جہاں انہوں نے الزام لگایا کہ مبینہ سود خور انور شاہ لکھیاری ان سے 20 لاکھ روپے کا مطالبہ کر رہا ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے شمشاد بی بی کا کہنا تھا کہ وہ سود کی رقم ادا کرنے کے لیے اپنے بچوں کو فروخت کرنے پر مجبور ہیں، انہوں نے الزام عائد کیا کہ ان کے شوہر اللہ رکھیو کھوکھر کو بھی مبینہ طور پر پولیس کے ذریعے لاپتا کروایا گیا ہے۔ متاثرہ خاتون نے وزیر داخلہ سندھ، آئی جی سندھ اور ڈی آئی جی شہید بینظیر آباد سے مطالبہ کیا کہ ان کے شوہر کو بازیاب کرایا جائے، مبینہ سود خور کے خلاف کارروائی کی جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 47

وفاقی آئینی عدالت نے نظرثانی درخواستوں کے دائرہ کار سے متعلق اہم اصول وضع کر دیئے۔ جسٹس عامر فاروق اور جسٹس روزی خان بڑیچ نے نظرثانی کیس کا فیصلہ سنایا۔ عدالت نے قرار دیا کہ نظرثانی کا مقصد مقدمے کی دوبارہ ساعت یا پہلے سے طے شدہ نکات پر بحث کا ایک اور موقع فراہم کرنا نہیں، بلکہ ریکارڈ پر موجود واضح غلطی یا ایسی کوتاہی کی نشاندہی ہے جس سے انصاف متاثر ہوا ہو۔ فیصلے کے مطابق سپریم کورٹ کے فیصلوں کی وفاقی آئینی عدالت کیلئے صرف قائل کرنے والی دلیل کی حیثیت ہے۔ سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اگر قانون و آئین سے ہم آہنگ ہو تو آئینی عدالت اسے اختیار کر سکتی ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ بلاجواز اور بدنیتی پر مبنی نظرثانی درخواستوں کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ ایسی درخواست دائر کرنے پر کم از کم 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے، جبکہ متعلقہ وکیل کے خلاف تادیبی کارروائی بھی ہو سکتی ہے۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ لیوٹو اپیل بذات خود اپیل کا حق نہیں، بلکہ عدالت کی اجازت ملنے کے بعد ہی درخواست اپیل کی حیثیت اختیار کرتی ہے۔ لیو ٹو اپیل مسترد ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ لازماً ہائیکورٹ کے فیصلے کی توثیق کر دی گئی ہے۔ فیصلے کے مطابق لیو ٹو اپیل پر عدالت کیلئے تفصیلی وجوہات دینا ضروری نہیں، غیر تفصیلی حکم یا نان اسپیکنگ آرڈر بذات خود ریویو کا جواز نہیں، لیو ٹو اپیل کے مرحلے پر عدالت قانونی سوال یا انصاف کا قتل عام روکنے کی ضرورت کا جائزہ لیتی ہے۔

بقیہ 48

جائیں گے۔ مہم کیلئے 77 ہزار سے زائد اہلکار خدمات انجام دیں گے۔ سربراہ انسداد پولیو پروگرام خالد پرویز کا کہنا ہے کہ لاہور میں انسداد پولیو مہم سات روز تک جاری رہے گی، جبکہ پنجاب کے دیگر 12 اضلاع میں مہم چار روز جاری رہے گی۔ انسداد پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ خالد پرویز نے بتایا کہ لاہور میں 22 لاکھ 85 ہزار سے زائد، راولپنڈی میں 9 لاکھ 90 ہزار، ملتان میں 10 لاکھ سے زائد جبکہ رحیم یار خان میں 11 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو قطرے پلانا ضروری ہے، خواہ انہیں گزشتہ مہمات میں بھی ویکسین دی جا چکی ہو۔ پولیو ایک لاعلاج مرض ہے اور بروقت ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ خالد پرویز نے والدین سے اپیل کی کہ پولیو ورکرز کی آمد پر اپنے بچوں کو ویکسین پلانے کیلئے دستیاب رکھیں۔

بقیہ 49

اپنا مؤقف عدالت کے روبرو پیش کیا۔ دلائل اور ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد ایڈیشنل سیشن جج راحیلہ عمر نے منصفانہ فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو بری کر دیا۔ اس طرح وکلائے صفائی کی مؤثر قانونی پیروی کے نتیجے میں ملزم کو مقدمے میں ریلیف مل گیا۔

بقیہ 50

کیا اور ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا جب کہ احتجاج کے باعث کوئٹہ چمن شاہراہ بند ہو گئی۔ ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کا کہنا ہے کہ مغویوں کی بحفاظت بازیابی ترجیح ہے۔

بقیہ 51

اور 6 سالہ حسن علی موٹر سائیکل پر اسکول جا رہے تھے۔ راستے میں ایک تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے موٹر سائیکل کو کچل دیا جس سے دونوں موقع پر جاں بحق ہو گئے۔

بقیہ 52

تیزاب پھینکا اور فرار ہو گیا جبکہ لڑکی تیزاب سے زخمی ہوئی جسے سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل کیا گیا۔ لڑکی نسیمہ کے بیان کے مطابق اس کی عمر 14 سال ہے، ایک سال قبل شادی ہوئی، متاثرہ لڑکی کے مطابق شوہر نے تیزاب پھینکا، وہ ہر روز مارتا ہے۔ متاثرہ کم عمر لڑکی نسیمہ کے والد اکبر نے برنس وارڈ کے باہر جیو نیوز سے گفتگو میں دعویٰ کیا ہے کہ بیٹی کی عمر 19 سال ہے، زیشان اور بیٹی نے محبت کی شادی کی تھی، زیشان کے گھر پر ہی بیٹی کا نکاح ہوا تھا، تاہم شادی کے بعد سے دونوں میں جھگڑا رہتا تھا۔ والد کے مطابق اتوار کی دوپہر بیٹی کی ساس نسیمہ کو گھر چھوڑ کر گئی تھی، رات 8 بجے زیشان گھر آیا تھا، جھگڑے کے بعد داماد زیشان تیزاب پھینک کر فرار ہو گیا۔ والد نے پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ جلد ملزم کو گرفتار کیا جائے۔ دوسری جانب پولیس کا بتانا ہے کہ ملزم زیشان کی والدہ اور بہن کو حراست میں لیا ہے، جلد ملزم کو گرفتار کر لیا جائے گا۔

بقیہ 53

گئی۔ پروگرام میں دیہی خواتین کو انڈسٹریل سلائی مشین آپریٹر اپیرل سپر وائزر ٹریننگ دی جائے گی۔ لاہور کے قریب ملتان روڈ پر واقع شاہکام انڈسٹری میں شی تھریڈ پروگرام کی ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا ہے، 3 ماہ کی ٹریننگ کورس میں کلاس روم اور تدریس کے ساتھ ساتھ پریکٹیکل ٹریننگ بھی کروائی جائے گی۔ اس حوالے سے 18 سے 45 سالہ خواتین کے پاس پنجاب کا رہائشی/ڈومیسائل ہونا ضروری ہے جبکہ شی تھریڈ پروگرام میں رجسٹریشن کے لیے میٹرک کی اہلیت مقرر کی گئی ہے۔ رجسٹریشن کے لئے قومی شناختی کارڈ اور ڈومیسائل لے کر شاہکام انڈسٹریز میں درخواست دی جا سکتی ہے۔ ابتدائی جانچ پڑتال اور اہلیت کی تصدیق کے بعد امیدوار خواتین کو داخلے سے قبل حلف نامہ جمع کروانا ہوگا۔ اسسٹنٹ کمشنرز، یونین کونسل سیکرٹریز اور متعلقہ ضلعی دفاتر کے ذریعے شی تھریڈ رجسٹریشن کے بارے میں معلومات لی جا سکتی ہیں۔

بقیہ 54

آخری ناشتہ کر لوں کیونکہ اس کے بعد دوبارہ کراچی کی جیل میں قید ہونا ہے، کراچی میں لڑکیاں آزادی سے زندگی نہیں گزار سکتیں یہاں تک کہ سڑکوں پر چلنا بھی مشکل ہے۔ اس پر اب حنا پرویز بٹ نے ایک ویڈیو پیغام جاری کیا، جس میں انہوں نے کہا کہ میں نے حنا الطاف کی ایک ویڈیو دیکھی ہے، جس کے ذریعے انہوں نے کراچی میں خواتین کو درپیش حفاظتی چیلنجز کو اجاگر کیا ہے۔ حنا پرویز بٹ نے کہا کہ میں اداکارہ کو لاہور آنے کی دعوت دیتی ہوں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں یہاں خواتین کی حفاظت ایک اہم ترجیح ہے، ہمارا عزم ایک ایسا ماحول بنانا ہے جہاں ہر خاتون بلا خوف و خطر، آزادی اور اعتماد کے ساتھ نقل و حرکت کر سکے اور ہراسانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لندن کے مقابلے میں خواتین خود کو لاہور میں زیادہ محفوظ سمجھتی ہیں، یہاں خواتین کو کوئی تشدد کا نشانہ بنا سکتا ہے اور نہ ہراساں کر سکتا ہے۔

بقیہ 55

کے حوالے سے علامہ اقبال ٹاؤن سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ رہا، جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس 912 ریکارڈ کیا گیا، برکی روڈ پر 698، گلبرگ میں 619، ڈی ایچ اے فیز 5 میں 569 جبکہ ماڈل ٹاؤن میں اے کیو آئی 471 ریکارڈ کیا گیا ہے۔ فضائی آلودگی کی اس تشویشناک صورتحال نے شہریوں کی صحت کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ ماہرین کے مطابق شہری غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں، باہر نکلتے وقت حفاظتی ماسک استعمال کریں اور خصوصاً بچوں، بزرگوں اور سانس کے امراض میں مبتلا افراد کا خصوصی خیال رکھیں۔

بقیہ 56

ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں دو مرتبہ توسیع کی گئی تھی، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والے محض ریٹرن فائل کر کے ایکٹو ٹیکس پیئر نہیں بن سکیں گے۔ لسٹ میں واپسی کے لیے اضافی سرچارج ادا کرنا ہوگا۔ توسیع کی درخواست دینے والے بعض افراد کے نام نئی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہیں، توسیع کی درخواست منظور ہونے تک ٹیکس دہندگان کا اسٹیٹس غیر فعال رہے گا۔

بقیہ 57

مطابق ٹی سی ایس کے ذریعے ڈرائیونگ لائسنس کی ترسیل کا نظام متعارف کروا دیا گیا، شہری لائسنسنگ کے تمام مراحل مکمل کرنے کے بعد اسی وقت بھی لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان نے بتایا کہ وقت کی بچت کیلئے شہری ٹی سی ایس کے ذریعے گھر کی دہلیز پر بھی لائسنس حاصل کر سکیں گے، اسلام آباد کے رہائشیوں کو صرف ایک جبکہ دیگر شہروں کے افراد کو دو روز میں لائسنس گھر ڈیلیور ہوں گے۔

بقیہ 58

آئی سے ملاقات کیلئے عدالت اور مذاکرات کے ہر طریقے سے کوشش کی، تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جب کہ مذاکراتی عمل کے دوران عمران خان تک رسائی بھی ہماری شرائط میں سے ایک تھی۔ قبل ازیں بیرسٹر سیف نے ایک انٹرویو میں دعویٰ کیا کہ راجہ ناصر عباس اسٹیبلشمنٹ کے اہم لوگوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہیں مگر وہ رابطے عمران خان کی رہائی کے لئے نہیں ہیں۔

بقیہ 59

نمبر 11 میں گھر کو چوروں نے نشانہ بنا لیا، اہل خانہ کی غیر موجودگی میں ملزمان گھر کا صفایا کر کے فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق متاثرہ خاندان نے بتایا کہ گھر میں 30 تولہ سونا اور 5 ہزار امریکی ڈالر رکھے تھے چوری کئے گئے ہیں۔

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں مسمی خضر حیات ستی ولد قدر حیات ایک عدد سنگل سٹوری مکان سائز 5 مرلہ واقع موضع ہرنو ٹھنڈا پانی ضلع اسلام آباد کیوٹ نمبر 220 کھتونی نمبر 400 خسرہ نمبر 2003 جو کہ نقیب اللہ ولد محمد نواز کی ملکیت ہے۔ جسکو میں خرید رہا ہوں اگر کسی ادارے یا شخص کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر رابطہ کریں بعد میں کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

المشتہر: خضر حیات ستی
گاؤں وڈاکخانہ دھیر کوٹ ستیاں
تحصیل کوٹلی ستیاں ضلع مری
0315-0446716

راولپنڈی شہر کی بیوٹیفکیشن اور صفائی ستھرائی پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت اجلاس

تمام منصوبے بلا تاخیر مکمل کرنے کی ہدایت

مری روڈ، اسٹیڈیم روڈ اور اہم شاہراہوں پر تزئین و آرائش کے کاموں میں اعلیٰ معیار اور رفتار برقرار رکھنے کا حکم

شہر کی خوبصورتی اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام محکموں کو مربوط حکمت عملی تحت کام کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت شہر میں بیوٹیفکیشن اور صفائی ستھرائی کے منصوبوں کے حوالے سے اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران (بقیہ نمبر 12)

پی ٹی آئی دورِ حکومت میں سنگین مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

72 ارب 46 کروڑ روپے کے سرکاری اخراجات کی مکمل تصدیق نہیں ہوسکی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے دورِ حکومت کے دوران مالی سال 2024-25 میں اربوں روپے کی سنگین مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ مالی سال 2024-25 کے سرکاری اخراجات، ترقیاتی فنڈز اور بیرونی قرضوں کے حسابات میں سنگین خامیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق صوبے (بقیہ نمبر 19)


لاہور شہری اردو بازار کے باہر سٹالز سے کتب اور اسٹیشنری کی خریداری میں مصروف ہیں

راولپنڈی میں فنانشل فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار

اعوان چکن کے نام سے دکان چلانے والا ملزم مبینہ فراڈ میں ملوث تھا

اسلام آباد (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی سید علی ناصر رضوی کی ای کچہری کی شکایت پر فوری ایکشن کے نتیجے میں فنانشل فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار ہوگیا ہے۔ راولپنڈی میں جعلی بینک ٹرانزیکشن رسیدوں کے ذریعے لاکھوں روپے کا مبینہ فراڈ بے نقاب ہوا ہے جس میں جعلی بینک رسیدیں، واٹس ایپ پر فراڈ اور لاکھوں کی رقم سے متعلق (بقیہ نمبر 22)

انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کیخلاف کارروائی

گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کو ہر قسم کے لین دین پر دوگنا ٹیکس ادا کرنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے خلاف کارروائی شروع کردی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اس سلسلے کے پہلے مرحلے میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے نام ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ سے خارج کر دیئے جس کے تحت اب انہیں ہر قسم کی لے لین دین پر دوگنا ٹیکس ادا کرنا پڑے گا جبکہ (بقیہ نمبر 23)


لاہور: سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ محکمہ اوقاف کے ترقیاتی منصوبوں، داتا دربار ہسپتال کی اپ گریڈیشن اور نئی بھرتیوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کندھ کوٹ میں ایک ہی رات دو گھروں میں چوری

ایک ماہ گزرنے کے باوجود پولیس سامان برآمد نہ کرسکی، متاثرین کا ایس ایس پی آفس کے سامنے دھرنے کا اعلان

نئے تعینات ایس ایچ او علی نواز سبزوئی سے بھی مؤثر پیش رفت نہ ہونے کا دعویٰ، متاثرہ خاندانوں کا ایس ایس پی کشمور سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں چوری کی وارداتوں کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ سی سیکشن تھانے کی حدود میں تقریباً ایک ماہ قبل ایک ہی رات ایک ہی محلے کے دو گھروں میں چوری کی وارداتوں کے باوجود متاثرہ خاندانوں کو تاحال چوری شدہ نقد رقم اور قیمتی موبائل فون واپس نہیں مل سکے۔ متاثرین کے مطابق وارداتوں میں ملوث ملزمان بھی تاحال گرفتار نہیں ہو (بقیہ نمبر 13)

مشیر وزیراعظم ہارون اختر خان سے بنگلہ دیشی وفد کی ملاقات

اقتصادی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے مواقع پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے بنگلہ دیش کے وزیر برائے خزانہ و منصوبہ بندی راشد الحمود تیتو میر نے اپنے وفد کے ہمراہ ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، صنعتی تعاون، برآمدات پر مبنی ترقی اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت صنعت و پیداوار کے اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر (بقیہ نمبر 26)

دل کر رہا ہے خودکشی کرلوں، مسٹر پٹلو کا پہلا ویڈیو بیان وائرل

مسٹر پٹلو کا ویڈیو بیان میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے تحقیقات کا مطالبہ

سیالکوٹ (این این آئی) سیالکوٹ میں شادی کی تقریب کے دوران بھگدڑ سے ہونے والی ہلاکتوں کے بعد ٹک ٹاکر انصر محمود المعروف مسٹر پٹلو نے پہلی مرتبہ تفصیلی ویڈیو بیان جاری کیا ہے جو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ مسٹر پٹلو نے واقعے میں اپنی ذمے داری سے انکار کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے تحقیقات کرانے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کے وقت وہ اسپتال میں زیر علاج تھے اور کمر کی شدید تکلیف کے باعث چلنے پھرنے (بقیہ نمبر 27)

آن لائن انویسٹمنٹ کے نام پر 2 ارب کا فراڈ

ابتدائی تفتیش میں 18 ملزمان سکینڈل میں ملوث نکلے ہیں، NCCIA

راولپنڈی (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم ایجنسی نے آن لائن انویسٹمنٹ کے نام پر بڑا سکینڈل پکڑ لیا، ملک بھر کے شہریوں کے ساتھ دو ارب روپے سے زائد کا فراڈ کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ سائبر کرائم تھانے میں مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی گئی، ابتدائی تفتیش میں 18 ملزمان سکینڈل میں ملوث نکلے ہیں، سائبر کرائم ایجنسی نے (بقیہ نمبر 28)

گوجر خان میں گیس دھماکہ، گلی پھٹ گئی، مکانات میں دراڑیں

محلہ راجگان وارڈ 8 میں گیس لیکیج کا واقعہ، عینی شاہدین اور محکمہ سوئی گیس کے مؤقف میں تضاد

دھماکے کے بعد متاثرہ گلی اور املاک کے نقصان پر شہریوں کا تحقیقات اور ازالے کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) اندرون شہر محلہ راجگان، وارڈ نمبر 8 رڑی میں گیس لیکیج کی شکایت پر محکمہ سوئی گیس کی ٹیم کی کارروائی کے دوران زوردار دھماکہ ہوگیا، جس سے گلی پھٹ گئی اور دور تک شگاف پڑ گئے، جبکہ قریبی گیٹ اور مکانات کو بھی نقصان پہنچنے کے مناظر سامنے آئے۔ اہل محلہ کے مطابق علاقے میں کئی روز سے گیس لیکیج ہو رہی تھی، جس کی شکایت محکمہ کو درج کروائی گئی تھی۔ عینی شاہدین نے الزام عائد کیا کہ راولپنڈی سے آنے والے اہلکاروں نے مبینہ طور پر ماچس کی تیلی سے گیس چیک کرنے کی کوشش کی، جس کے (بقیہ نمبر 14)


نارووال: ریسکیو اہلکار ٹرک موٹر سائیکل حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں کر رہے ہیں

پشاور میں صفائی مہم تیز، 80 فیصد علاقوں میں آپریشن مکمل

پشاور (اے ایف پی) پشاور میں سی ای او ڈبلیو ایس ایس پی قرالعین وزیر کی قیادت میں صفائی مہم کامیابی سے جاری ہے، جو گرینڈ آپریشن کی خود نگرانی کر رہی ہیں۔ اہالیان پشاور نے موجودہ حکومت اور ڈبلیو ایس ایس پی کی سربراہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ قرالعین وزیر نے دیگر محکموں کے سربراہان کے لئے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ (بقیہ نمبر 20)

دشت ویلی میں گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بنجر زمینیں سرسبز کھیتوں میں تبدیل

اسلام آباد (اے ایف پی) دشت ویلی میں گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بنجر زمینیں سرسبز کھیتوں میں تبدیل ہونے لگی ہیں، جس سے زرعی ترقی کے نئے امکانات پیدا ہو رہے ہیں۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں 3 ہزار 300 ایکڑ اراضی کو ہموار کیا گیا تا کہ آبپاشی کیلئے پانی کی یکساں فراہمی یقینی بنائی جا سکے، مقامی کسانوں کو جدید زرعی طریقوں سے روشناس کرانے اور ان کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلئے بھی خصوصی اقدامات کئے گئے ہیں۔ (بقیہ نمبر 21)

خطرناک عمارتیں خالی کر کے طلبہ کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کا حکم

پشاور (این این آئی) ضلعی انتظامیہ پشاور نے خستہ حال عمارتوں والے 13 نجی اسکولوں کو نوٹس جاری کرتے ہوئے عمارتیں فوری خالی کرنے اور طلبہ کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نوٹس کے مطابق انسپکشن ٹیم کی رپورٹ میں اسکولوں کی عمارتیں خستہ حال اور خطرناک قرار دی گئی ہیں، ان عمارتوں میں زیر تعلیم طلبہ و طالبات کی (بقیہ نمبر 24)

طالبعلم کیساتھ ہراسانی کا کیس؛ ملزم کو 7 سال قید، 10 لاکھ جرمانہ

اسلام آباد (این این آئی) عدالت نے 16 سالہ طالب علم کو ہراساں کرکے اس کی نامناسب ویڈیو بنانے سے متعلق پیکا کیس میں مرکزی ملزم راجہ حارث نوید کو 7 سال قید با مشقت کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل سیشن جج اسلام آباد محمد افضل مجوکا نے سائبر کرائم مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے مجرم راجہ حارث نوید پر 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا۔ عدالت کے (بقیہ نمبر 25)

آئی جی پنجاب نے 2 ڈی پی اوز سمیت 7 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب عبدالکریم نے 2 ڈی پی اوز سمیت 7 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے۔ محمد عاصم کو اے آئی جی انفارمیشن ٹیکنالوجی سے ڈی پی او چکوال تعینات کردیا گیا جبکہ کاشف ذوالفقار کو ڈی پی او چکوال سے سینٹرل پولیس آفس پنجاب لاہور تعینات کر دیا گیا۔ شاہد احمد خان کو ایس پی سروے سپیشل برانچ سے ڈی پی او بھکر، شہزاد رفیق اعوان کو ڈی پی او بھکر سے ایس پی سروے سپیشل برانچ پنجاب تعینات کر دیا گیا۔ رانا زاہد حسین کو ایڈیشنل ایس پی سی آر او (بقیہ نمبر 29)

متعدد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تبادلے اور تعیناتیاں

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے متعدد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تبادلے کر دیئے۔ جس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جو کہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق آصف بشیر بطور ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹوریٹ آف ڈسٹرکٹ جوڈیشری لاہور ہائیکورٹ تعینات کر دیئے گئے ہیں، سیشن جج آصف بشیر کا بہاولنگر سے لاہور تبادلہ کر دیا گیا، ڈائریکٹر جنرل (بقیہ نمبر 30)


لاہور صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ، آتشزدگی کے شکار بیکری فیکٹری لاہور کے دورے کے موقع پر انتظامیہ سے حادثے بارے معلومات دریافت کر رہے ہیں

آرسی ایم ایچ سی کی جانب سے خصوصی بچوں میں تعلیمی سامان تقسیم

اسکول بیگز، یونیفارمز اور جوتوں کے دو دو جوڑے فراہم کیے گئے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) سندھ حکومت کے ادارے آرسی ایم ایچ سی کی جانب سے خصوصی بچوں میں تعلیمی سامان تقسیم، اسکول بیگز، یونیفارمز اور جوتوں کے دو دو جوڑے فراہم کیے گئے۔ کندھ کوٹ: سندھ حکومت کی جانب سے خصوصی صلاحیتوں کے حامل بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے قائم ادارے آرسی ایم ایچ سی کندھ کوٹ کے اسکول میں ایک (بقیہ نمبر 15)

چینی وزیر مسٹر لیو ہائی شنگ کی اسحاق ڈار سے ملاقات

ملاقات کی جس میں قریبی رابطہ کاری برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) کیمونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی شعبے کے وزیر مسٹر لیو ہائی شنگ نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی جس میں قریبی رابطہ کاری برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق چینی وزیر نے وزیر خارجہ وانگ یی کی جانب سے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے گرمجوشی سے وانگ یی کی نیک تمناں کا جواب دیا۔ اسحاق ڈار نے (بقیہ نمبر 31)


ماتلی: ماتلی کے قریب اسکول وین میں آگ لگی ہوئی ہے۔

مریدکے، مستحق گھرانوں کی 66 بیٹیوں کی اجتماعی شادیوں کا اہتمام

دلہنوں کو مکمل جہیز، طلائی انگوٹھیاں اور قرآن پاک جبکہ دولہوں کو گھڑیاں تحفے میں دی گئیں

اب تک 600 بیٹیوں کی شادیاں کروا چکے ہیں، سربراہ سماجی تنظیم چوہدری ارشد ورک

مریدکے (این این آئی) سماجی تنظیم کی طرف سے مستحق گھرانوں کی 66 بیٹیوں کی اجتماعی شادیوں کا اہتمام کیا گیا جس میں ہر دلہن کو مکمل جہیز کیساتھ طلائی انگوٹھی، قرآن پاک، دولہے کو گھڑی دی گئی۔ ہر بارات کو بیس باراتی لانے کی اجازت تھی، باراتیوں کو سماجی تنظیم کی طرف سے کھانا بھی دیا گیا۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی و اور وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احمد عتیق، ممتاز مذہبی روحانی شخصیت پیر سید زاہد حسین شاہ گیلانی اور مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر رانا کاشف الرحمٰن نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ شہریوں کی بڑی تعداد نے بھی شادیوں کی تقریب میں شرکت کرکے دلہنوں کو دعائیں دیں۔ وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احمد عتیق کا کہنا تھا کہ مستحق گھرانوں کی 66 بیٹیوں کی اجتماعی شادیوں کا اہتمام بہت (بقیہ نمبر 32)

مسٹر پٹلو کی شادی میں بھگدڑ، ایک ہلاکت اور 18 افراد زخمی

اپوزیشن رکن نے تقریب کی اجازت، ملزمان کی گرفتاریوں کی تفصیلات طلب کرلیں

لاہور (این این آئی) ٹک ٹاکر عنصر محمود المعروف مسٹر پٹلو کی شادی کی تقریب میں بھگدڑ مچنے سے ایک شخص کی ہلاکت اور 18 افراد کے زخمی ہونے کے واقعے پر پنجاب اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع کروا دیا گیا۔ اپوزیشن رکن پنجاب اسمبلی ندیم قریشی کی طرف سے جمع کروائے گئے توجہ دلاؤ نوٹس کے متن میں کہا گیا ہے کہ 31 اکتوبر 2026ء کو ٹک ٹاکر عنصر محمود المعروف مسٹر پٹلو کی شادی کے سلسلہ میں فراز سٹیڈیم ڈسکہ روڈ سیالکوٹ میں ایک تقریب (بقیہ نمبر 33)


وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لے پالک بچی کے ساتھ زیادتی کرنے والے شخص کو عمر قید کی سزا

ملزم نے بچی کو گود لیا تھا اور اسی بچی کے ساتھ زیادتی کی، پراسیکیوٹر

لاہور (این این آئی) سیشن کورٹ نے لے پالک بچی کے ساتھ زیادتی کرنے والے ملزم رمضان کو عمر قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل سیشن جج رفاقت علی گوندل نے کیس کا فیصلہ سنایا۔ مقدمے کے مطابق ملزم نے بچی کو گود لیا تھا اور اسی بچی کے ساتھ زیادتی کی۔ واقعے سے متعلق ملزم کے خلاف تھانہ سندر میں زیادتی کا مقدمہ (بقیہ نمبر 34)


مریدکے سماجی تنظیم کی طرف سے مستحق گھرانوں کی 66 بیٹیوں کی اجتماعی شادیوں کی تقریب میں دلہنوں کو سلامی دی جا رہی ہے

وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب سے بنگلہ دیشی وفد کی ملاقات

اقتصادی روابط اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان اقتصادی روابط اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ معاشی استحکام، ڈھانچہ جاتی اصلاحات، سرمایہ کاری کے فروغ اور مالیاتی نظم و ضبط کے لیے دونوں ممالک ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ وہ پیر کو یہاں بنگلہ دیش کے وزیراعظم کے مشیر برائے مالیات و منصوبہ بندی راشد الحمود تیتو میر کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو (بقیہ نمبر 35)

لاہور میں اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں بھی کمی

گزشتہ سال کی نسبت اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں 33 فیصد کمی

لاہور (این این آئی) لاہور میں اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں بھی کمی آئی، گزشتہ سال کی نسبت اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں 33 فیصد کمی ہوئی۔ 2025ء کے پہلے 9 ماہ کے دوران اغوا برائے تاوان کے 12 مقدمات درج ہوئے تھے، رواں سال 9 ماہ کے دوران اغوا برائے تاوان کی 8 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق گزشتہ سال صدر ڈویژن اغواء برائے تاوان کی 4 وارداتوں کے ساتھ سر فہرست رہا، کینٹ اور (بقیہ نمبر 36)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

قدیمی قبرستان شوالہ کی صفائی اور جنازہ گاہ کی تزئین و آرائش مکمل

ضلعی انتظامیہ نے جنازہ گاہ کا نیا رنگ روغن کروا دیا، جھاڑیوں اور کوڑے کرکٹ کا مکمل خاتمہ

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر ضلع بھر کے تمام قبرستانوں میں صفائی کی مہم بلا تعطل جاری

مری (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب کے "ستھرا پنجاب" ویژن کے تحت اور ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایت پر مری شوالہ کے مقام پر واقع قدیمی قبرستان میں صفائی ستھرائی اور تزئین و آرائش کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں قبرستان کی حد بندی میں واقع جنازہ گاہ کی مکمل مرمت و نیا رنگ روغن کر دیا گیا ہے، جبکہ احاطہ قبرستان سے کوڑا کرکٹ، جھاڑیوں اور خود رو پودوں کی مکمل صفائی یقینی بنائی گئی ہے تا کہ شہریوں اور زائرین کو سہولت فراہم کی جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر مری کی واضح احکامات کی روشنی میں (بقیہ نمبر 16)


لاہور: صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ، ڈی جی لیبر سیدہ کلثوم حئی کے ہمراہ بیکری فیکٹری حادثہ میں زخمی ورکر سے خیریت دریافت کر رہے ہیں

100، 1500 مالیت کے بانڈز کی قرعہ اندازی 16 نومبر کو ہوگی

لاہور (این این آئی) 100 اور 1500 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 16 نومبر کو ہوگی۔ 100 روپے والے اسٹوڈنٹس بانڈز کا پہلا انعام 7 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 2 لاکھ روپے کے تین، تیسرے انعام میں 1000 روپے کے 1199 انعامات جبکہ 1500 روپے والے بانڈز کا پہلا انعام 30 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 10 لاکھ روپے کے تین جبکہ 18500 روپے کے (بقیہ نمبر 37)

بیوہ پر مبینہ تشدد اور سر کے بال کاٹنے کے الزام میں نند اور بہنوئی گرفتار

دوران عدت تین بچوں سمیت گھر سے نکالنے کی کوشش، جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں

لاہور (این این آئی) شوہر کی وفات کے 40 روز بعد بیوہ خاتون کو مبینہ تشدد کا نشانہ بنانے اور سر کے بال کاٹنے کے الزام میں لوئر مال پولیس نے نند اور بہنوئی کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق متاثرہ خاتون کی 15 پر کال پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تشدد میں ملوث مرکزی ملزمہ نگینہ اور اس کے خاوند خرم کو حراست میں (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد ہائیکورٹ 10 سنگل اور 5 ڈویژن بنچز مقدمات کی سماعت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے آج سے تاحکم ثانی ججز کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا ہے۔ روسٹر کے تحت رواں ہفتے سے 10 سنگل اور 5 ڈویژن بنچز مقدمات کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی منظوری کے بعد رجسٹرار آفس نے نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کیا گیا، ڈیوٹی روسٹر کے مطابق پہلا ڈویژن بنچ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس شاہ رخ ارجمند پر مشتمل ہوگا جبکہ دوسرے ڈویژن بنچ میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق (بقیہ نمبر 38)

انسٹاگرام کی دوستی شادی میں تبدیل، اطالوی لڑکی پاکستان پہنچ گئی

اطالوی دلہن لاہور ایئرپورٹ پہنچی تو دولہا نبیل اعوان کے اہلخانہ نے اسکا پرتپاک استقبال کیا

لاہور (این این آئی) انسٹاگرام کی دوستی شادی میں تبدیل ہو کر اطالوی دلہن محبت کی خاطر پاکستان پہنچ گئی۔ چھ سال قبل انسٹاگرام پر ہونے والی دوستی محبت میں تبدیل ہوگئی، اطالوی دلہن لاہور ایئرپورٹ پہنچی تو دولہا نبیل اعوان کے اہلخانہ نے اسکا پرتپاک استقبال کیا۔ دونوں خاندانوں کی رضامندی اور قانونی تقاضے پورے ہونے کے بعد شادی کی تقریب منعقد ہوئی جبکہ کلر کہار کے مقامی ہوٹل میں دعوت ولیمہ کا بھی اہتمام کیا گیا، جس (بقیہ نمبر 40)

ایس ایچ او تھانہ مندرہ ملک تنویر اشرف کی زیر صدارت نمبرداران کی اہم میٹنگ

جرائم کی روک تھام، سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب اور ٹھیکری پہرہ مؤثر بنانے پر اتفاق

غیر قانونی سرگرمیوں، بغیر اندراج رہائش پذیر افراد اور مشکوک نقل و حرکت کی فوری اطلاع پولیس کو دینے کا فیصلہ

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ مندرہ میں ایس ایچ او ملک تنویر اشرف کی زیر صدارت علاقہ بھر کے نمبرداران کا اجلاس ہوا، جس میں جرائم کی روک تھام، امن و امان کے قیام اور سکیورٹی انتظامات مزید مؤثر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں دیہات کے مرکزی مقامات، چوکوں اور داخلی و خارجی راستوں پر باہمی مشاورت سے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کی ہدایت کی گئی۔ رات کے اوقات میں ٹھیکری پہرہ بحال کرنے، گشت کا نظام فعال بنانے اور مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر (بقیہ نمبر 17)


لاہور: صوبائی دارالحکومت میں سموگ کی وجہ سے فضاء ابر آلود ہے

مشتبہ کیٹیگری میں شامل ہونا لازماً اس بات کا حتمی فیصلہ نہیں ہوتا کہ شہری کا شناختی ریکارڈ غلط ہے، ترجمان نادرا

اسلام آباد (اے ایف پی) نیشنل ڈیٹا بیس رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے ترجمان سید شباہت علی نے کہا ہے کہ ریکارڈ میں کسی شہری کا ڈیٹا موجود ہونے کے باوجود بعض حالات میں اسے مشتبہ کیٹیگری میں شامل کیا جاسکتا ہے، اس کی بنیادی وجہ ریکارڈ میں موجود تضادات یا ایسی معلومات ہوسکتی ہیں جن سے شہری کے شناختی ریکارڈ کی درستگی پر سوال (بقیہ نمبر 42)

پنجاب پولیس کے تین اعلیٰ افسران کے تبادلے، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس میں تین اعلیٰ پولیس افسران کے تبادلے کر دیئے گئے، پنجاب حکومت نے تینوں افسران کی تقرر و تعیناتی کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔ ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب کامران خان کو تبدیل کر کے ایڈیشنل آئی جی پٹرولنگ پولیس پنجاب تعینات کر دیا گیا جبکہ ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن شہزادہ سلطان کو ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب مقرر کر دیا گیا ہے۔ سید خرم علی کو ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن پنجاب تعینات کر دیا گیا۔

گوادر میں ہلاک دہشت گرد کے والد اور بھائی کی پریس کانفرنس

والدین اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں اور انہیں تعلیم دلوائیں، اہل خانہ

گوادر (این این آئی) گوادر میں سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد شکیل احمد کے بھائی اور والد نے پریس کانفرنس میں ندامت کا اظہار کیا ہے۔ پنجگور کے علاقے پروم کے رہائشی محمد حیات نے اپنے والد عبدالعزیز (بقیہ نمبر 41)

سموگ اور وائرسز کا حملہ، 7 روز میں 35 ہزار سے زائد مریض رپورٹ

ریپڈ ٹیسٹنگ کے دوران کورونا کے مثبت کیسز سامنے آنے کا بھی انکشاف ہوا ہے، ذرائع

لاہور (این این آئی) لاہور میں سموگ کی شدت میں اضافے کے ساتھ مختلف موسمی اور وائرل بیماریوں نے بھی شہریوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، کورونا کے مختلف ویریئنٹس اور انفلوئنزا وائرس کے پھیلاؤ کے باعث بخار، کھانسی، نزلہ، گلے میں درد اور جسمانی درد کی شکایات میں اضافہ ہونے لگا۔ ذرائع کے مطابق لاہور کے 6 بڑے سرکاری ہسپتالوں میں گزشتہ 7 روز کے دوران فلو، کورونا اور انفلوئنزا جیسی علامات کے ساتھ 35 ہزار سے زائد مریض (بقیہ نمبر 43)


لاہور محنت کش مزدور کام کی تلاش میں اپنے اوزاروں کے ساتھ گدھوں پر سوار ہو کر جا رہے ہیں

صحافیوں کی آواز دبانا جمہوریت کا گلا گھونٹنے کے مترادف

دھمکیوں، ہراسانی اور پیکا کے ہتھکنڈوں سے صحافت خاموش نہیں ہوگی، آزادیٔ اظہار کا تحفظ ناگزیر، نصیر احمد بھٹی

علاقائی اخبارات سے وابستہ رپورٹرز کے لیے خصوصی فلاحی پیکیج، بچوں کی تعلیم اور علاج کی سہولیات یقینی بنانے کا مطالبہ

محدود وسائل اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے علاقائی صحافیوں کی معاشی مشکلات کا فوری ازالہ اور خاندانوں کے تحفظ کی ضمانت دی جائے

صحافیوں اور ان کے خاندانوں کے حقوق کا مؤثر تحفظ یقینی بنایا جائے، آزادیٔ صحافت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، قمر شہزاد مغل

گوجرخان (قمر شہزاد) صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن، 2 نومبر، کے موقع پر قمر شہزاد مغل نائب صدر پنجاب، پاکستان میڈیا ایسوسی ایشن، اور نصیر احمد بھٹی سابق امیدوار برائے صدر پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صحافی کے قلم کو خاموش کرانا درحقیقت عوام کی آواز دبانے، حقائق پر پردہ ڈالنے اور احتساب کا راستہ روکنے کے مترادف ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں، اداروں میں بدعنوانی، افسران کی نااہلی، غفلت اور اختیارات کے ناجائز استعمال کو بے نقاب کرنے والے صحافیوں کو دھمکیاں دینا، ہراساں کرنا، جھوٹے مقدمات میں الجھانا اور ان کے اہل خانہ کو خوف زدہ کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں؛ بالخصوص جب حقائق پر مبنی خبروں کا جواب دینے کے بجائے بعض عناصر پیکا کے تحت کارروائی کی دھمکیاں دے کر صحافیوں کی آواز دبانے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر صحافیوں کے تحفظ کو جمہوری معاشروں کی بنیادی ذمہ داری تسلیم کیا جاتا ہے، اقوام متحدہ بھی صحافیوں کے خلاف (بقیہ نمبر 18)

